روزمرہ کے پیچیدہ مسائل کے حل کے لئے تیر بہدف عملیات

سورۃ مزمل سے مشکلات کا حل

اقبال احمد مدنی

روزمرہ کے پیچیدہ مسائل کے حل کے لیے تیر بہدف عملیات

سورۂ مزمل سے
مشکلات کا حل

مؤلف.........اقبال احمد مدنی

Ph:2773302

شمع بک ایجنسی

نوید اسکوائر
اردو بازار
کراچی

نام کتاب ——— سورۂ مزمل سے مشکلات کا حل
مؤلف ——— اقبال احمد مدنی
ناشر ——— شمع بک ایجنسی
پرنٹر ——— خالد پرنٹر
قیمت ——— -/40 روپے

اسٹاکسٹ

صابری دار الکتب
قذافی مارکیٹ اردو بازار لاہور

یونس بک ڈپو — اردو بازار لاہور
عوامی کتاب گھر — اردو بازار لاہور
فہیم بک ڈپو — اردو بازار لاہور
اشرف بک ایجنسی — اقبال روڈ راولپنڈی
کتاب گھر — اقبال روڈ راولپنڈی
شمع بکسٹال — ریگل روڈ فیصل آباد

شمع بک کارنر امین پور بازار فیصل آباد
PH:041,2640013

فہرست

سورۃ مزمل کی افادیت

سورۃ مزمل بہت ہی بابرکت اور افادیت کی حامل متبرک سورۃ ہے۔ اس سورۃ کے متعلق حدیث نبویؐ ہے کہ ''اس سورۃ کو روزانہ ایک مقررہ وقت پر پڑھنے والا کبھی اور کسی بھی حالت میں کسی کا محتاج نہیں ہو سکتا، پڑھنے والا سب کی نظر میں ہر دلعزیز ہو گا۔ لوگ اس کی پذیرائی کریں گے اور عزت کی نگاہ سے دیکھیں گے۔ اس کا ہر مشکل کام احسن طریقے سے انجام کو پہنچے گا، اس سورۃ کا معمول کبھی بھی تنگ دست نہیں ہو گا، پریشانی اس شخص سے ہمیشہ دور دور رہے گی۔ کسی بھی پیچیدہ اور مہلک بیماری سے اس کا یا اس کے گھر والوں کا واسطہ نہیں پڑے گا۔ بلکہ یہ کہنا زیادہ درست ہے کہ اس سورۃ کے پڑھنے والے کے لیے یہ سورۃ ہر طرح کی محافظ و مددگار ہوتی ہے۔''

روزمرہ زندگی کے علاوہ اور بھی دیگر تمام دینی و دنیاوی افادیت کے لیے یہ سورۃ اپنی مثال آپ ہے۔ اس سورۃ کی افادیت سے کسی بھی صورت کسی کو کوئی انکار نہیں ہو سکتا اور اس سورۃ کے فائدے کا قائل ہر وہ شخص ہے جو کہ روزانہ ایک مقررہ وقت پر اس سورۃ کی تلاوت کرتا ہے اور اپنے جائز مقصد کے لیے اللہ تعالیٰ کے حضور انکساری کے ساتھ دعا کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس سورۃ کی برکت اور اپنی کرم نوازی سے اس شخص کا جائز مقصد حل کر دیتا ہے اور مقصد کے حل کے علاوہ بھی اللہ تعالیٰ اس شخص کو اپنی رحمت کے سایہ میں رکھتا ہے۔

زندگی کے تمام جائز مقصد و مشکلات کے حل کے لیے یہ سورۃ شافی علاج ہے اور اس سورۃ سے ہر شخص گھر بیٹھے کتاب میں درج ذیل عملیات پر عمل کر کے اپنی زندگی خوش و خرم بنا سکتا ہے اور مشکلات سے بچ سکتا ہے۔

فضائل سورۂ مزمل شریف

جیسا کہ قرآن پاک کی فضیلت دوسرے تمام کلاموں پر ایسی ہے جیسے اللہ تعالیٰ کی بزرگی اس کی تمام مخلوق پر۔

اسی طرح ترمذی میں احادیث مبارکہ کے مطابق فرمان رسول اللہ ﷺ ہے کہ جو کوئی ایک حرف کلام مجید کا پڑھے گا تو اس کے لیے ایک نیکی ہے اور یہ نیکی دس نیکیوں کے برابر ہوتی ہے یعنی ثواب میں، میں نہیں کہتا کہ سارا ''الم'' ایک حرف ہے۔ بلکہ الف ایک حرف ہے، لام ایک اور م ایک حرف ہے یعنی الم کہنے میں تین نیکیاں ہوئیں گویا تین نیکیاں ہو گئیں۔

جیسا کہ قرآن پاک کی عظمت اور فضیلت واضح ہے۔ اسی طرح قرآن کے نور یعنی سورۂ مزمل شریف کی بھی فضیلت وعظمت روز روشن کی طرح عیاں ہے اس کے فضائل و برکات جو بیان ہوئے ہیں وہ مختصراً حسب ذیل ہیں۔

علماء کا باالاتفاق رائے یہ بیان ہے کہ جو شخص سورۂ مزمل شریف کا ورد ہمیشہ جاری رکھے گا، اس کو ہر حال میں زیارت رسول اللہ ﷺ (خواب میں) نصیب ہوگی اور یہ نعمت ایک عام مسلمان کے لیے تمام کائنات کی کل نعمتوں سے افضل و بالاتر ہے اور روز محشر باعث شفاعت ہوگی۔

چونکہ یہ سورۂ مبارکہ اپنے رنگ میں ایک نور کی مانند ہے اسی لیے یہ سورۂ مبارکہ حضور رسول کریم ﷺ کو بخط نور عطا کی گئی ہے۔

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضرت رسول کریم ﷺ مسجد نبوی میں تشریف فرما تھے اور صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین آپ ﷺ کے گرد جمع تھے کہ حضرت جبرائیل امین علیہ السلام تشریف لائے اور آپ ﷺ کے دست مبارک میں ایک رقعہ دیا جس پر سورۂ مزمل شریف بخط نور تحریر تھی۔ اس کے بعد حضرت جبرائیل علیہ السلام نے کہا کہ اللہ تعالیٰ ہر چہار مقرب فرشتوں کو گواہ کر کے فرماتا ہے کہ جو شخص سورۂ مزمل شریف پڑھے گا اس کو کسی بھی قسم کا عذاب و عقوبت نہ ہوگا۔ اس کے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے اور جہنم کی آگ اس پر حرام ہوگی۔

ارشاد رسول اللہ ﷺ ہے کہ جو اس سورۂ مبارکہ کو پڑھے گا اسے اللہ جل شانہ دنیا و آخرت میں خوش رکھے گا اور اس کے افلاس دور کرے گا اور جس مشکل کے لیے پڑھے گا وہ مشکل بفضل الٰہی آسان ہو جائے گی۔ نیز یہ بھی فرمان رسول اللہ ﷺ ہے کہ جو شخص بوقت مصیبت رنج و غم اس سورۂ مبارکہ کو پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس سے اسی وقت مصیبت رنج و غم اور مصیبت دور فرما دے گا۔ اسی طرح اس سورۂ مبارکہ کی روزانہ مداومت رکھنے والا حاسد، ظالم، جادوگر اور بدخواہوں کے ظلم و ستم، شرارتوں سے محفوظ و مامون رہے گا اور کوئی بھی اس کا کچھ نہ بگاڑ سکے گا بلکہ الٹا سب اس سے مغلوب ہو جائیں گے۔

اسی طرح جو شخص اس سورہ کو ہمیشہ پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اس کے رزق میں بے انتہا برکت عطا کریں گے اور اس کا قرض اس سے دور ہٹا دیں گے اور اس کی

کوئی مشکل اور حاجت اپنے فضل سے باقی نہیں رہنے دیں گے اور اسے خوشی و مسرت، امن وسکون سے بھرپور کر دیں گے۔ ایمان میں کامل فرما دیں گے۔

حضرت امیر خسرو رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں ایک روز حضرت سلطان المشائخ حضرت نظام الدین قدس سرہ کی خدمت میں حاضر ہوا تو تفسیر امام زاہدی پیش تھی، سورۂ مزمل کی فضیلت کے باب میں گفتگو ہو رہی تھی۔ آپ نے ارشاد فرمایا کہ امام شافعی رحمتہ اللہ علیہ نے حضرت امیر المومنین علیؑ سے روایت کی ہے اور انہوں نے حضرت رسالت مآب ﷺ مع اپنے اصحاب کے مسجد نبوی میں بیٹھے تھے اور پیغمبران گزشتہ کے قصص بیان کر رہے تھے کہ جبرائیل اور میکائیل علیہ السلام ایک لاکھ چوبیس ہزار فرشتوں کے ساتھ جو عرش کے گرداگرد رہتے ہیں، سورۂ مزمل شریف کو لائے جو نور کے قلم سے حریر کے کاغذ پر لکھی ہوئی تھی۔ رسول اللہ ﷺ اٹھ کھڑے ہوئے اور اس کو اعزاز و اکرام کے ساتھ ہاتھ پر لے کر بوسہ دیا اور سر پر رکھ کر فرمایا کہ ''اے اخی! جبرائیل کیا حکم ہوتا ہے۔''

حضرت جبرائیل علیہ السلام نے کہا کہ یہ حکم ہوتا ہے کہ اس سورہ کو پہلے پیغمبروں کے عہد میں نازل فرماتے تو ان میں سے ایک شخص بھی گناہگار نہ ہوتا اور سب کو اس سورۂ مبارکہ کی برکت سے بخش دیتا۔ پس اے محمد ﷺ تیری امت میں جو خدا کا بندہ اس سورہ کو نماز فریضہ کے بعد پڑھے تو ہر حرف کے برابر جو اس سورہ میں ہے سو ہزار بدی اس کے نامۂ اعمال سے پاک کریں اور اسی قدر نیکی اس کے نامۂ اعمال میں ثبت کریں اور وہ بندہ بہشت میں تیرے ساتھ جائے۔

اس کے بعد رسول اللہ ﷺ نے خطبہ فرمایا:

''اے میری امت! تم کو چاہیے کہ اس سورہ کو اپنا ورد بنا لو اور ہر روز دس مرتبہ اس سورۂ مبارکہ کو پڑھو۔ پس جو کوئی اس سورۂ مبارکہ کو ہر روز دس مرتبہ پڑھے، حق سبحانہ تعالیٰ تمام بد آدمیوں کے شر اور فقر کی آفت سے اس کو محفوظ رکھے اور وہ ہمیشہ خداوند تعالیٰ کی پناہ میں رہے اور کوئی اس کو گزند نہ پہنچا سکے۔

زکوٰۃ سورۂ مزمل ہر عمل کے لیے

سورۂ مزمل کا عمل زکوٰۃ درج ہے۔ جس عمل کے لیے بھی زکوٰۃ کی ادائیگی لازم ہو تو ذیل کے طریق سے زکوٰۃ ادا کرنے سے حق زکوٰۃ ادا ہو جائے گی اور پھر مذکورہ عمل شروع کرنا ممکن ہو جائے گا۔

طریقہ یہ ہے کہ نئے چاند کے پہلے بدھ، جمعرات اور جمعہ کو روزہ رکھے اور بعد نماز عشاء وتروں سے قبل ننگے سر قبلہ رخ کھڑے ہو کر اول و آخر درود مدنی ۱۹ بار پڑھ کر پہلے روز ۳۰ بار دوسرے روز ۲۱ بار اور تیسرے روز ۱۲ بار سورۂ مزمل شریف پڑھے۔ ہفتہ کے روز علی الصبح ۳ پاؤ شیرینی لے کر عنداللہ تقسیم کرے۔ یہ اس عمل کی زکوٰۃ ہے۔

اب اس زکوٰۃ کے عمل کو ہمیشہ کے لیے قائم رکھنے کا طریقہ یہ ہے کہ جس کسی عمل کے لیے زکوٰۃ واجب ہو، تو نئے چاند سے سات روز تک روزانہ صبح بعد از نماز فجر ۱۰ بار سورۂ مزمل شریف کا ورد اوپر بیان کردہ طریقے کے مطابق ۱۰ روز مسلسل کرے پھر اپنا عمل شروع کرے اور فوائد عجیب دیکھے۔

سورہ مزمل با موکل

مندرجہ ذیل عمل سورۂ مزمل با موکل بہت ہی مفید اور نافع ہے اس عمل کا عامل جو بات بھی جائز پسند کرے، فوراً پوری ہو۔ دین و دنیا میں کسی بھی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے اور نہ ہی کسی بھی قسم کی مشکل اور ابتلاء سے دوچار ہو اس کے ہر کام اور ہر معاملے میں آسانی پیدا ہو۔ غرض یہ کہ اس کے لاتعداد فوائد و برکات ہیں جو بیان سے باہر ہیں۔

اس عمل کے چلہ کے لیے ذیل کی شرائط کی پابندی لازماً ہے۔ بصورت دیگر عمل میں خرابی پیدا ہو کر عامل کے لیے سخت مشکل و ابتلاء کا باعث بن جائے گی۔ اس لیے بہتر یہ ہے کہ اس عمل کو کسی صاحب نظر بزرگ کی زیر نگرانی اور ہدایا کے کیا جائے۔ سب سے پہلے اکل حلال اختیار کرے۔ اس کے بعد ہر قسم کا ترک حیوانات جلالی و جمالی اختیار کرے۔ بدبودار اور ممنوعہ اشیاء سے پرہیز کرے۔ ہر روز غسل کر کے پاک و صاف ہو۔ اس کے لیے پاک صاف تنہائی والی محفوظ جگہ کا بندوبست کرے۔ اس کے بعد یہ عمل نئے چاند کی پہلی اتوار کو شروع کرے۔ یہ عمل تین چلوں میں پورا ہوگا اور ہر چلہ ۲۸ یوم پر مشتمل ہے۔ اگر تینوں چلے اوپر تلے کرے تو بہتر ہے۔ بصورت دیگر درمیان میں چند یوم کا وقفہ ڈال لے۔ اثنائے چلہ اس بات کی احتیاط کرے کہ اس کی کوئی نماز بالخصوص نماز فجر کسی بھی طرح نہ چھوٹے اور نہ قضا ہو۔ دوسرے چلہ کے دوران اگر اس کا کوئی دوست، بھائی، بہن، والدین یا کوئی عزیز رشتہ دار کوئی چیز دے تو ہرگز نہ لے۔

اس شے کے لینے سے عمل ٹوٹ جاتا ہے اور پھر نئے سرے سے شروع کرنا پڑتا ہے۔ شے سے مراد کھانے پینے والی اشیاء تحفہ یا نقدی وغیرہ ہے اور اس کا پرہیز سختی سے کرنا لازم ہے۔ اس کے علاوہ دوران چلہ بیوی کے ساتھ ہم بستری بالکل نہ کرے اور اس سے بچا رہے ورنہ عمل الٹا بھی ہو سکتا ہے اور بیماری کا باعث بن سکتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اس عمل کے موکلات دوران چلہ مختلف شکلوں میں یا مختلف حالتوں میں آ کر دھوکہ دیتے ہیں۔ اس لیے بہتر یہ ہے کہ ان کے دھوکے میں بالکل نہ آئے۔ اس کے علاوہ وقت کی پابندی کا خاص خیال رکھے۔ دوران عمل یہ بھی خاص خیال رکھے کہ اگر کوئی بشکل چرند، درند، شیر وغیرہ سامنے آ جائے تو اس سے ہرگز خوف نہ کھائے اور اگر وہ منہ کھولے تو اس کے منہ میں کوئی بھی شے جو پہلے سے اپنے پاس رکھی ہو، ڈال دے۔ خواہ وہ شے نقدی کی صورت میں ہو، یا کھانے کی شے ہو۔

غرض یہ کہ اس کے منہ کھولنے پر اس کے منہ میں کسی شے کا ڈالنا بہت ضروری ہے، ورنہ اس شے سے گزند پہنچنے کا اندیشہ ہے۔ دیگر تمام احتیاطوں پر سختی سے کاربند رہے۔ وجہ اس کی یہ ہے کہ سورۂ مزمل با موکل عمل ہے اور بے احتیاطی سے اپنے لیے نقصان اٹھانے کا موجب ہوگا۔

عمل شروع کرنے سے پہلے خصوصی غسل کرے اور احرام کی شکل میں دو چادریں باندھے اور ان پر اچھا سا عطر لگائے۔ پھر چلے کی جگہ پر عود و عنبر جلائے یعنی اگربتی روشن کرے اور پھر مصلے پر بیٹھ کر نہایت یکسوئی سے سورۂ مزمل کا ورد شروع کرے۔ طریقہ اس کا یہ ہوگا کہ پہلے دن ایک بار سورۂ مزمل با موکل پڑھے

جو یہ ہے۔ سب سے پہلے درود مدنی ۱۵ بار پھر یَا اِسرَافِیلُ بِحَقِّ شَمُوطِتَنا بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. یٰاَیُّهَا الْمُزَّمِّلُ شروع سے آخر تک پڑھتا جائے۔ دوسرے دن دوبار پڑھے۔ تیسرے دن تین بار، یہاں تک کہ گیارھویں دن گیارہ بار تک پہنچ جائے۔ اس کے بعد بارھویں دن سے ایک ایک تعداد کم کرتا جائے۔ مثلاً بارھویں روز دس بار، تیرھویں روز نو بار علی ہذا القیاس ۲۸ روز ایک کی تعداد میں پڑھ کر اپنا چلہ پورا کرے۔ ہر بار سورۂ مزمل شریف کے آخر پر درود مدنی ۱۵ بار لازماً پڑھے۔ اس طرز پر تین چلے پورے کرے۔ بوقت عمل احرام باندھے اور بعد از عمل احرام اتار کر سنبھال لے اور دوسرے پاک صاف کپڑے پہن کر اپنے امور دنیا انجام دے اور کوشش کرے کہ ہر وقت پاک صاف رہے۔ تین چلوں کے اختتام پر سورۂ مزمل کو اسی طریق سے ایک بار روزانہ پڑھا کرے تاکہ شرائط موافق زکوٰۃ کے ادا ہوتی رہیں اور عمل میں کوئی خلل پیدا نہ ہو۔ اس عمل سے اس کو اس کے خرچ کے مطابق فتوحات باطنی وظاہری ملتی رہیں گی اور کبھی کوئی کمی واقع نہ ہوگی۔

"درود مدنی"

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ

"درود الصوفی"

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَسَلَّمْ

حصول قرب رسول اللہ ﷺ

جو شخص زیارت رسول اللہ ﷺ کا شدید آرزومند ہو تو اس کے لیے یہ عمل مفید اور پرتاثیر ہے۔

ہر روز بعد از نماز مغرب دو رکعت نماز نفل بہ نیت زیارت رسول اللہ ﷺ پڑھے، پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورۂ مزمل شریف ۱۱ بار اور دوسری رکعت میں سورۂ مزمل شریف ۱۰ بار پڑھے۔ سلام پھیرنے کے بعد اس کا ثواب رسول کریم ﷺ کی زوج مبارک کو بطور ہدیہ پیش کرے رات کو بستر پر سوتے وقت پاک صاف لباس کے ساتھ پاک صاف بستر پر خوشبو لگا کر سوئے۔ انشاء اللہ چند یوم کے عمل سے مطلوبہ مقصد حاصل ہوگا اور وہ زیارت رسول اللہ ﷺ سے مشرف ہوگا۔

زیارت رسول اللہ ﷺ

جس شخص کی یہ خواہش ہو کہ وہ زیارت رسول اللہ ﷺ سے خواب میں مشرف ہو تو اس کے لیے لازم ہے کہ وہ تمام جملہ مکروہات شرعیہ سے تائب ہو کر اور اکل حلال اختیار کرے، پھر شب جمعہ کو بعد از نماز عشاء بارہ رکعت نماز نفل بہ نیت زیارت رسول اللہ ﷺ بعد از غسل وتازہ وضو پاک صاف لباس میں ادا کرے اور ہر رکعت میں بعد از سورہ فاتحہ کے ۲ بار سورۂ مزمل پڑھے۔ نماز سے فارغ ہو کر پاک صاف بستر پر قبلہ رخ بیٹھ کر درود الصوفی ۱۶ بار پڑھ کر سو

جائے۔چہرہ قبلہ رخ رکھے اور کسی سے بات چیت اس دوران نہ کرے۔انشاء اللہ چند یوم کے اس عمل سے زیارت رسول اللہ ﷺ سے (خواب میں) مشرف ہوگا اور اپنی مراد کو پہنچے گا۔

ترقی دین ودنیا

ذیل کا عمل دین اور دنیا کے تمام اور بشمول رزق میں اضافہ اور دیگر حاجات کے لیے بہت ہی مفید ثابت ہوا ہے۔اس کا طریقہ یہ ہے کہ بعد از فراغت نماز مغرب دو رکعت نماز اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں بعد الحمد کے ۲ بار سورۂ مزمل پڑھے، اس کے بعد سلام پھیرے اور سجدے میں جا کر ۲ بار سورۂ مزمل کو اس طرح پڑھے کہ جب لفظ وَكِيلًا پر پہنچے تو یہ الفاظ اَتَّخِذْهُ تک وَكِيلًا ۸۱ بار پڑھے اور پھر سورۂ مزمل کو مکمل کرے، پھر سجدے سے سر اٹھائے اور دوزانو بیٹھ کر اول ۱۶ بار درود الصوفی پڑھے، پھر گیارہ بار سورۂ مزمل کو يٰۤاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ۲ بار کہہ کر شروع کرے اور بقیہ سورۃ کو مکمل کرے اس کے بعد پھر ۱۶ بار درود الصوفی پڑھ کر دوبارہ سورۂ مزمل کو شروع کرے اور گیارہ بار مکمل کر کے یا مغنی ۱۹ بار یا مهیمن ۲۷ بار پڑھ کر اپنی بہتری کے لیے رب العزت کے حضور دعا مانگے۔

چالیس یوم کے بلا ناغہ عمل سے دن بدن رزق میں اضافہ اور دین و دنیا کے تمام امور و حاجات میں عجیب و غریب طریقے سے ترقی و تاثیر پیدا ہو جائے گی۔نہایت مجرب عمل ہے۔

چشم خلائق میں مقبولیت کا عمل

جس کسی کو یہ آرزو ہو کہ وہ چشم خلائق میں بے حد مقبول ہو جائے ہر ایک اس کے ساتھ پیار و محبت اور الفت سے پیش آئے اور اللہ تعالیٰ اسے اپنے حفظ و امان میں رکھے تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد نافع ہے۔

باوضو حالت میں قبلہ رخ ہو کر سفید کاغذ پر زعفران و گلاب سے سورۂ مزمل بمعہ بسم اللہ لکھے اور خوشبو لگا کر موم جامہ کر کے اپنے بازو پر باندھے انشاء اللہ چشم خلائق میں بے حد مقبول ہو جائے گا اور دنیا کی کوئی شے اسے گزند نہ پہنچا سکے گی۔

حصول دین و دنیا

دین و دنیا کے حصول کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس کے لیے نئے چاند میں جمعرات یا جمعہ کی شب میں ایک بجے اٹھ کر وضو کرے، دو رکعت نماز تحیۃ الوضو پڑھ کر اس کا ثواب روح مقبول رسول اللہ ﷺ کو ہدیہ کرے ۱۵ بار كٓهٰيٰعٓصٓ كِفَايَتَنَا پڑھ کر ۱۵ بار سورۂ مزمل پڑھے۔اس کے بعد ۱۵ بار حٰمٓ عٓسٓقٓ حمایتنا پڑھ کر ذیل کا نقش ذہن پر لکھے اور مٹا کر دوسرا لکھے۔اسی طرح ۱۵ بار نقش بنا کر لکھے اور مٹائے۔یہ عمل ۱۵ روز تک کرے۔بائیسویں روز یہ نقش اکیس عدد کاغذ پر لکھ کر ان میں بیس نقش کی گولیاں بنا کر دریا میں ڈال دے اور ایک اپنے پاس رکھے جب تک یہ نقش پاس رہے گا غیب سے فتوحات دین و دنیا حاصل ہوتی رہیں گی۔نقش یہ ہے:

۲۴	۲۳	۲۸
۲۹	۲۵	۲۱
۲۲	۲۷	۲۶

حصول علم غیب

جو کوئی علم غیب کو حاصل کرنے کی آرزو رکھتا ہو تو ذیل کے عمل سے اس کو علم غیب بقدر اس کی طبع کے اللہ تعالیٰ عنایت فرما دیں گے۔

اس کے لیے قند سیاہ لے کر اس پر ۶ بار سورۂ مزمل بمعہ اول و آخر درود مدنی ۱۵ بار پڑھ کر کھا لے۔ دوران تلاوت کسی سے کسی قسم کی گفتگو یا کلام بالکل نہ کرے اور ایک ہی نشست میں عمل کو پورا کرے۔

حصول فتح و نصرت

جو شخص اس بات کا خواہش مند ہو کہ ہر معاملے میں اس کو اللہ تعالیٰ کی فتح و نصرت حاصل رہے تو اس کے لیے لازم ہے کہ وہ بعد از نماز فجر سورۂ مزمل باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر زعفران و گلاب سے لکھ کر خوشبو لگا کر موم جامہ کر کے اپنے پاس رکھے اس سے اسے پناہ ملے گی اور مخلوق خدا اس کو محبت کی نظر سے دیکھے گی۔

چشم خلائق میں مقبولیت

جو کوئی یہ چاہے کہ وہ چشم خلائق میں مقبول ہو جائے اور لوگ اس سے محبت سے پیش آئیں اور اس کے جائز کاموں میں باعث رکاوٹ بنے بغیر

بلا حیل و حجت اس کا کام کر دیا کریں تو اس مقصد کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔ اس کے لیے بعد از نماز فجر سورۂ مزمل شرف کی آیت مبارکہ کا ۶ مرتبہ ورد کر کے اپنے اوپر دم کرنے کا معمول لازم کر لے۔ روزانہ کے اس عمل سے لوگوں میں عزت و مرتبہ پائے گا اور اس کا ہر کام بلا کسی حیل و حجت کے تمام ہو جایا کرے گا۔ آیت مبارکہ یہ ہے۔

اِنَّ رَبَّکَ یَعْلَمُ سے یُقَدِّرُ الَّیْلَ وَالنَّهَار تک۔

(سورۂ مزمل۔۷۳۔آیت۔۲۰)

محبت الٰہی کا حصول

جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ اسے محبت الٰہی حاصل ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد تاثیر کا حامل ہے۔

اس کے لیے ہر روز صبح صادق کے وقت باوضو حالت میں قبلہ رخ کھڑے ہو کر اول و آخر درود مدنی ۱۳، ۱۳ بار اور ۴ بار سورۂ مزمل پڑھا کرے اور اس کے بعد اللہ کے حضور التجا برائے محبت الٰہی کرے، انشاء اللہ بشرط اخلاص و خلوص نیت کے محبت الٰہی چند یوم کے عمل سے ہی پیدا ہونی شروع ہو جائے گی اور عامل کے طور و اطوار بدلتے جائیں گے اور مکمل نیک اطوار ہو جائے گا۔

بادشاہ پری زاد کی حاضری

جو عامل یہ چاہے کہ بادشاہ پریوں کو حاضر کرے اور ان سے کام لے تو اس کے لیے ذیل کا عمل کرنا چاہیے۔

طریقہ اس کا یہ ہے کہ جمعرات کے روز غسل کر کے پاک صاف لباس پہنے اور خوشبو لگا کر باغ کے کسی گوشے میں جا کر بیٹھ جائے اور اپنے گرد حصار قائم کرے پھر ۹ بار سورۂ مزمل اور ۱۰ بار سورۂ جن بمعہ اول و آخر درود الصوفی ۱۴ بار پڑھے۔ انشاء اللہ پریوں کا بادشاہ بمعہ اپنے لاؤ لشکر کے حاضر ہوگا اس وقت اس سے جو عہد و پیمان چاہے لے لے اور جس کام کے متعلق بھی دریافت کرنا چاہے دریافت کر لے وہ بات کا جواب دے گا اور تابعداری کا وعدہ کرے گا اور جو مطلب ہوگا اس کو پورا کرے گا اگر کسی دشمن یا کسی دوست یا عزیز کو بلانا مقصود ہو گا تو اسے کہے کہ فلاں بن فلاں کو حاضر کرو وہ اسی وقت بفرمان اس کو حاضر کرے گا اور آئندہ بھی جائز کام کے لیے حاضر ہو جایا کرے گا۔

تسخیر جنات، دیو، پری وغیرہ

جس عامل کی یہ خواہش ہو کہ جنات، دیو، پری وغیرہ اس کے تابع فرمان ہو جائیں اور وہ ان سے جائز دنیوی کام لے سکے تو اس کے لیے ذیل کا عمل نہایت پر تاثیر ہے مگر اس کے لیے لازم ہے کہ کسی صاحب تصوف کی زیر نگرانی اس عمل کو کرے۔

طریقہ یہ ہے کہ کسی تنہا مکان میں جہاں دوسرا کوئی آدمی نہ ہو، دروازہ بند کر کے جگہ کو صاف کر کے بیٹھے عود عنبر صندل روشن کرے، پھر اپنے گرد حصار باندھے اس کے بعد عمل شروع کرے اول و آخر درود شریف مدنی ۱۷، ۱۷ بار پڑھ کر درمیان میں اپنے مطلب کا تصور رکھ کر سورۂ مزمل ۸ بار پڑھے۔ چالیس

یوم تک بلا ناغہ اس عمل کو وقت مقررہ پر کرے۔ انشاء اللہ اس کا مطلب بفضل باری تعالیٰ پورا ہو جائے گا اور جنات، دیو، پری جس کا بھی تصور ہوگا وہ حاضر ہو کر تابع فرمان ہوں گے۔

ان سے ناجائز کام نہ لے دوسرے اس بات کا تذکرہ کسی سے بھی نہ کرے ورنہ راز افشا ہونے پر وہ باغی ہو جائیں گے اور کہنا نہیں مانیں گے اور تنگ کریں گے بعد از چلہ ۸،۸ بار روز سورۂ مزمل کا ورد ایک مقررہ وقت پر بلا ناغہ جاری رکھے تا کہ عمل کی برکات قائم رہیں۔

تسخیر جن کے لیے

جو عامل جنات کو مسخر کرنا چاہتا ہو، تو اس کے لیے ترک حیوانات جلالی و جمالی ہر قسم کرے اور کسی تنہائی والی جگہ پر چالیس یوم تک ذیل کا عمل پاک، صاف باوضو حالت میں کرے اور عمل کرتے وقت جن یا جنات کا تصور ذہن میں رکھے کہ جن کو مسخر کرنا ہے۔ اس کے بعد سورۂ مزمل روزانہ ۸ مرتبہ اول و آخر درود پاک مدنی ۱۷، ۱۷ بار پڑھے۔ عمل کو انتہائی توجہ کے ساتھ کرے اور اس عمل کے دوران اپنے گرد حصار بھی باندھے۔ چالیس یوم کے عمل سے مطلوبہ جن یا جنات حاضر ہوں گے۔ ان کو حضرت سلیمان علیہ السلام کی قسم دے کر اپنی فرمانبرداری کے لیے کہے اور ان کے قسم کھانے پر ان سے ان کو بلوانے کا طریقہ بھی معلوم کر لے اور اسی طرح آئندہ ان کو بلا کر ان سے مختلف کام لے سکتا ہے احتیاط لازم ہے بہتر ہے کہ کسی عامل کامل کی زیر نگرانی یہ عمل کیا جائے۔

تسخیر و حاضر پریاں

جو عامل یہ چاہے کہ پریاں فوری حاضر ہو کر اس کے حکم کو بجالائیں تو اس کے لیے ذیل کا عمل اختیار کرے۔

ماش ثابت لے کر ان پر باوضو حالت میں بہتر (۷۲) بار سورۂ مزمل بمعہ درود مدنی اول و آخر ۱۷، ۱۷ بار پڑھ کر دم کرے اور پھر ماش ثابت کو چاروں اطراف میں یہ کہہ کر پھینک دے، پریاں حاضر شود، پریاں حاضر ہو کر تابعداری کریں گی۔

حاضری بادشاہ جنات اور دفینے کا حال معلوم کرنا

جو عامل یہ چاہے کہ بادشاہ جنات حاضر ہو کر اس کی تابعداری کرے اور خزینۂ غیب کے متعلق معلومات فراہم کرے تو ذیل کا عمل کرنے سے اپنے مقصد میں کامیاب ہوسکتا ہے۔ اس کے لیے کسی تنہا محفوظ جگہ کا انتخاب کر کے ایک وقت مقررہ پر روزانہ ۴۰ روز تک چالیس مرتبہ سورۂ مزمل بمعہ اول و آخر درود مدنی ۱۳، ۱۳ بار پڑھے اور پڑھتے وقت نیت حاضری بادشاہ جنات کا تصور کامل رکھے۔ انشاءاللہ ۴۰ روز بعد از عمل بادشاہ جنات بمعہ لشکر کے حاضر ہوگا اور فرمانبرداری کرے گا اور جو بات بھی اس سے معلوم کرنا چاہے گا وہ بتلا دیا کرے گا۔

واسطے مسخر کرنے موکل آفتاب و ماہتاب

اگر کوئی عامل آفتاب و ماہتاب کے مؤکل قابو میں کرنا چاہتا ہو تو ذیل کا

عمل اختیار کرنے سے مؤکل آفتاب و ماہتاب مسخر ہو جائیں گے۔

اس کے لیے بدھ کی رات کو سورۂ مزمل ۱۰۰ بار ایک ہی نشست میں تخلیہ میں بیٹھ کر پڑھے اور کسی سے گفتگو بالکل نہ کرے۔ اس عمل کو ۲۵ روز بلاناغہ کرنے سے اپنے مقصد میں بفضل تعالیٰ کامیاب و کامران ہوگا۔

حفظ قرآن مجید

جس بچے یا بڑے کو قرآن پاک حفظ کرنے میں دقت پیش ہو اور باوجود ہمت و کوشش کے وہ قرآن پاک حفظ نہ کر پارہا ہو تو ایسی حالت میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس مقصد کے لیے وہ ہر نماز کے بعد ۱۱ مرتبہ سورۂ مزمل شریف کی آیت مبارکہ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا (سورۃ مزمل ۷۳۔ آیت ۴) پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے۔ اس کی برکت سے بہت جلد وہ حافظ قرآن بن جائے گا اور اس کا حافظہ بھی بہت تیز ہو جائے گا۔

تسخیر حاکم کا عمل

جس کو کسی بھی حاکم یا آفیسر سے کوئی بھی کام ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل مفید ہے۔ باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر سب سے پہلے 19 بار درود مدنی پھر سورۂ مزمل کا پہلا رکوع ۱۷ بار اور پھر دوسرا رکوع 19 بار پڑھے۔ بعد درود مدنی 19 بار پڑھ کر پانی پر دم کریں اور حاکم یا آفیسر کے پاس جانے سے پہلے اس میں سے تھوڑا سا پانی لے کر اپنے منہ اور سر پر لگائیں اور بقیہ پانی بسم اللہ پڑھ کر پی

لیں اور پھر اس کے پاس جائیں۔ بفضل تعالیٰ وہ حاکم یا آفیسر کمال مہربانی سے
پیش آئے گا اور جو بھی کام اس سے ہوگا وہ بخوبی انجام پائے گا۔

تہجد کی نماز کے لیے اٹھنا

جو شخص اس بات کا آرزومند ہو کہ بوقت تہجد خود بخود اٹھ جایا کرے تو
سوتے وقت آیات سورۂ مزمل یٰاَیُّھَا الْمُزَّمِّلُ سے لے کر اَقْوَمُ قِیْلًا تک
۶ مرتبہ پڑھ کر سویا کرے۔ انشاء اللہ العزیز تہجد کے وقت خود بخود نیند دور ہو
جائے گی اور اٹھ جایا کرے گا۔

مطلوب کو حاضر کرنے کا عمل

اگر کوئی یہ چاہے کہ وہ اپنے مطلوب کو فوری حاضر کرے اور وہ اس کا حکم بجا
لائے تو اس کے لیے ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس کے لیے ضروری ہے کہ سب سے پہلے سورۂ مزمل کی زکوٰۃ کسی طریقے
سے ادا کرے۔ اس کے بعد ضرورت کے وقت ایک ایسی جگہ کا انتخاب کرے کہ
جہاں تلاوت کرنے کی آواز نہ آئے۔ اس کے لیے تین پتلی لکڑیاں لے، جن
میں سے ایک لکڑی انجیر کی اور دوسری شیریں انار کی اور تیسری شیریں شہتوت کی
ایک سائز کی ہوں اور پھر ان کو باہم باندھ کر ایک تپائی کی شکل دے۔ تپائی کی
شکل میں اس کو تیار کر کے اس کے اوپر کوری مٹی کا ایک چراغ لا کر رکھے اور اس
میں سرسوں کا تیل ڈال لے اور پھر مطلوب کے پہنے کپڑے کی بتی بنا کر اس میں
ڈال کر روشن کرے اور چراغ کا منہ مطلوب کے گھر کی طرف کرے پھر ایک

سوئی اور ۴۱ کالی مرچ لے کر چراغ کے روبرو بیٹھ جائے اور ایک مرچ سوئی سے
چھید کر اس پر مطلوب کا تصور کر کے ایک بار سورۂ مزمل پڑھ کر دم کرے، اس
طرح تمام مرچوں پر عمل کر کے اس چراغ کی لو میں جلائے۔ تین روز تک یہ عمل
کرے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے تین دن کے اندر اندر مطلوب حاضر ہوگا
اور ہر حکم بجا لائے گا۔

''کاہلی نماز'' دور کرنے کے واسطے

جو شخص باوجود عزم و ارادہ کے نماز پڑھنے میں کاہل اور سست الوجود ہو اکثر
نماز کا وقت گزرنے کے بعد قضا نماز پڑھتا ہو اور اس بات کا خواہش مند ہو کہ
وقت پر نماز ادا کرے اور کاہلی و سستی سے نجات مل جائے تو ذیل کا عمل نافع اور
فائدہ مند ہے۔

ہر نماز کے بعد ۵ بار سورۂ مزمل بمعہ اول و آخر درود الصوفی ۱۰، ۱۰ بار پڑھ کر
اللہ کے حضور دعا کرے، انشاء اللہ چند یوم کے عمل سے مقصد حاصل ہو جائے گا،
سستی اور کاہلی کا وجود میں نام و نشان بھی نہ رہے گا۔

آسیب کا علاج

جس کسی کو آسیب ہو گیا ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس کے لیے بعد از نماز فجر اول و آخر درود مدنی ۱۳، ۱۳ بار سورۂ مزمل ۱۳ بار
اور سورۂ ہائے معوذتین (فلق ۹ بار، ناس ۵ بار) پڑھ کر اس کے دونوں کانوں
میں پھونک لگائیں اور اس کے پورے وجود پر دم بھی کیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ

چند یوم کے عمل سے آسیب کا اثر ہمیشہ کے لیے ختم ہو جائے گا اور مریض شفایاب ہو جائے گا۔

آسیب بھگانے کے لیے

کسی کو آسیب کا مرض ہو اور آسیب کسی صورت جان نہ چھوڑتا ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل مفید ہے۔

باوضو حالت میں سورۂ مزمل چار بار پڑھ کر آسیب زدہ کے بائیں کان میں پھونک مارے اور پھر دوبارہ پڑھ کر اس کے دائیں کان میں پھونک مارے اور اس کے اوپر دم کرے۔ بعد سورۂ مزمل کو کسی سفید کاغذ پر زعفران وگلاب سے لکھ کر خوشبو لگا کر اسے موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ اس مرض سے نجات مل جائے گی اور آسیب رفع ہو جائے گا۔

جن کا سایہ دور کرنے کے لیے

اگر کسی پر جن کا سایہ ہو اور کسی بھی طریقے سے وہ جان نہ چھوڑتا ہو تو اس مقصد کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔ اس کے لیے چینی کی طشتری لے کر اس پر باوضو حالت میں زعفران وگلاب سے سورۂ مزمل کی ذیل کی آیت مبارکہ لکھ کر کنویں یا نل کے پانی سے دھو کر یہ پانی ایسے فرد کو پلائیں۔ اکتالیس روز کے اس عمل سے وہ جن پیچھا چھوڑ کر ہمیشہ کے لیے بھاگ جائے گا۔ یہی آیت سفید کاغذ پر بھی لکھ کر اس کے گلے میں ڈالیں۔

آیت مبارکہ یہ ہے۔

اِنَّآ اَرْسَلْنَآ اِلَیْکُمْ سے فِرْعَوْنَ رَسُوْلاً تک۔

(سورۂ مزمل ۷۳۔ آیت ۱۵)

جن و پری سے چھٹکارا

جس کسی پر جن یا پری کا قبضہ ہو جائے اور وہ اس کو چھوڑنے کو تیار نہ ہوں بلکہ الٹا تکلیف پہنچاتے ہوں تو ایسے میں ذیل کا عمل کرنے سے ان کے قبضے سے جان کو چھٹکارا حاصل ہو جاتا ہے۔

کافی زیادہ پانی لے کر اس پر باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر سورۂ مزمل ۶ بار پڑھ کر اور کسی کاغذ پر زعفران وگلاب سے لکھ کر اس پانی سے دھولیں اور دم بھی کریں، پھر اس پانی میں سے تھوڑا سا پانی مریض پی لے اور بقیہ پانی سے غسل کرے۔ غسل کا پانی کسی صاف جگہ پر گرنا چاہیے۔ جہاں وہ جذب ہو جائے، نالی میں نہ بہائیں۔ انشاء اللہ ۶ دن کے عمل سے وہ جن، پری اس کے وجود سے بھاگ جائے گا اور پھر کبھی بھی ادھر کا رخ نہ کرے گا اور اس سے مکمل نجات حاصل ہو جائے گی۔

ڈائن کی نظر دور کرنا

کسی پر ڈائن کی نظر ہو یا سایہ ہو گیا ہو تو اس کے دفعیہ کے لیے ذیل کا عمل نافع ہے۔ ایک بڑی چھڑی لے کر اس پر باوضو حالت میں ۱۵ بار سورۂ مزمل بعد اول و آخر درود شریف مدنی ۱۵، ۱۵ بار پڑھ کر دم کر کے وہ چھڑی مریض کے سایہ میں گاڑ دیں۔ اس عمل سے مریض انشاء اللہ تعالیٰ اچھا ہو جائے گا۔

جادو کا اثر زائل کرنا

کسی شخص پر اگر جادو یا سحر کا اثر ہو جائے اور اس کا اثر کسی طرح زائل نہ ہوتا ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد نافع اور مجرب ہے۔

اتوار کے دن بعد از نماز فجر باوضو حالت میں بیٹھ کر کسی سفید کاغذ پر زعفران و گلاب سے سورۂ مزمل بمعہ بسم اللہ لکھیں اور اس کو پانی کی بوتل میں ڈال لیں اور اس پر سورۂ مزمل ۸ بار پڑھ کر دم بھی کریں۔ اس پانی کو مسحور کو دن رات میں ۸ مرتبہ روزانہ پلائیں۔ انشاء اللہ العزیز ۱۰ یوم کے اندر اندر ہر قسم کا جادو سحر ختم ہو جائے گا اور مسحور شفا پا جائے گا۔

سحر و جادو سے نجات

اس کے لیے باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر کافی زیادہ پانی پر سورۂ مزمل ۷ بار پڑھ کر دم کریں۔ پھر اس میں سے قدرے مسحور کو پلا کر بعد میں اس پانی سے پاک صاف جگہ پر غسل کروائیں۔ بعد از غسل صاف پاک لباس پہنائیں اور اس کے ہاتھ سے قدرے شیرینی بچوں میں تقسیم کروائیں۔ زیادہ سے زیادہ تین یوم کے عمل سے جادو و سحر کا اثر ہمیشہ کے لیے ختم ہو جاتا ہے اور مسحور صحت یاب ہو جاتا ہے۔

واسطے جادو و سحر

نئے چاند کے پہلے اتوار کو طلوع آفتاب کے بعد باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر کسی سفید کاغذ پر زعفران و گلاب سے سورۂ مزمل لکھے اور اس کو پانی کی بوتل

میں ڈال لے اور اس پانی کو مریض کو دن میں کم از کم تین مرتبہ پلائیں۔ انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے جادو یا سحر کا اثر دم توڑ دے گا اور مریض ہمیشہ کے لیے صحت یاب ہو جائے گا۔

درد کا علاج

اگر کسی کو جسم کے کسی بھی حصے میں درد کی شکایت ہو اور اس کی وجہ سے تکلیف میں مبتلا ہو تو ایسے میں دوسرا شخص باوضو حالت میں جسم کے اس حصے پر چاروں طرف خط کھینچے پھر ۶ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر دم کرے، انشاء اللہ اس عمل سے درد میں فوری افاقہ ہوگا اور ۶ بار کے اس عمل سے درد سے مکمل نجات مل جائے گی۔

جسمانی درد کا علاج

جس کسی کے وجود میں ہر وقت درد رہتا ہو اور ادویات و مالشوں سے آرام نہ آتا ہو یا وقتی آرام آ کر پھر ہو جاتا ہو تو ذیل کا عمل بے حد مفید ہے اس کے لیے سرسوں یا تلوں کا تیل لے کر اس پر اول درود مدنی ۵ بار پڑھ کر دم کریں، جس جگہ پر بدن میں درد ہو وہاں اس پر تیل کی مالش کریں۔ چند بار کی مالش سے اس درد سے ہمیشہ کے لیے نجات مل جائے گی۔

لاعلاج مرض کا علاج

جو کسی ایسے مرض میں مبتلا ہو جس کا بظاہر کوئی علاج نہ ہو ڈاکٹر و حکیم و اطباء جواب دے چکے ہوں اور کوئی موہوم امید باقی نہ ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے

حد موثر ہے۔ اس سے ماسوائے موت کے علاج، مریض کو مکمل شفایابی حاصل ہو جائے گی لیکن ذرا تحمل مزاجی سے کام کرنا پڑے گا۔

اس کے لیے باوضو حالت میں عرق گلاب و زعفران سے چینی کی پلیٹ پر سورۃ مزمل بمعہ بسم اللہ لکھ کر پانی سے دھولیں اور اس پر ۸ مرتبہ سورۃ مزمل پڑھ کر دم کر لیں اور یہ پانی روزانہ وقفے وقفے سے مریض کو پلائیں اس کے علاوہ ایک سفید کاغذ پر سورۃ مزمل زعفران وگلاب سے لکھ کر اسے خوشبو لگا کر اور پر ۸ بار سورہ مزمل بمعہ اول و آخر درود مدنی ۱۷، ۱۷ بار پڑھ کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں پہنا دیں۔ انشاءاللہ اس عمل سے مریض کے مرض میں کمی ہونا شروع ہو جائے گی اور وہ بہت جلد صحت یاب ہو جائے گا۔

پیٹ کی خرابی

اس مقصد کے لیے باوضو حالت میں زعفران وگلاب سے چینی کی بڑی طشتری میں سورۃ مزمل لکھ کر اس کو خالص شہد کے شربت میں دھولیں اور اس شربت کو کسی بوتل میں محفوظ کر لیں اور اس شربت کو وقفے وقفے سے دن میں کئی بار استعمال کریں۔ پہلے دن کے استعمال سے ہی پیٹ کی تکلیف میں افاقہ ہوگا سات روز کے مسلسل عمل سے پیٹ کی جملہ تکالیف ہمیشہ کے لیے رفع ہو جائیں گی اور بفضل باری تعالیٰ شفائے کاملہ نصیب ہوگی۔

جوڑوں کا درد

روغن زیتون لے کر اس پر ۲۱ مرتبہ سورۃ مزمل بمعہ اول و آخر درود الصوفی

۲۱، ۲۱ بار پڑھ کر اس پر دم کریں اور روزانہ دم کیے ہوئے روغن زیتون کی مالش درد والی جگہوں پر کیا کریں۔ انشاءاللہ اس عمل سے روز بروز مرض میں افاقہ ہوتا جائے گا اور کچھ عرصے میں ہی اس مرض سے شفائے کاملہ مل جائے گی۔

حافظے کی درستگی

اس کے لیے ہر روز بعد از نماز فجر ۱۰ بار سورۃ مزمل پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیا کرے اور اپنے اوپر دم بھی کریں۔

درد شکم

اس مقصد کے لیے باوضو حالت میں سورۃ مزمل ۴ مرتبہ اور ۴ مرتبہ اول و آخر درود شفا اور ۲۱ مرتبہ ذیل کی دعا پڑھ کر بوتل کے پانی پر دم کریں۔ اس پانی کو مریض دن میں دو، دو گھونٹ کر کے وقفے وقفے سے استعمال کرے۔ انشاءاللہ اس عمل سے درد کی شدت اور تکلیف آہستہ آہستہ کم ہو کر معدوم ہو جائے گی اور تین دن کے مسلسل عمل سے اس تکلیف سے ہمیشہ کے لیے نجات حاصل ہو جائے گی۔ دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْبَاسِطُ وَاِنَّا الْمَبْسُوطُ فَمَنْ یَدُعُ الْمَبْسُوطُ اِلَّا الْبَاسِطُ یَااَللّٰہ یَااَللّٰہ۔

درد کمر کے واسطے

باوضو حالت میں سورۃ مزمل ۳ بار پڑھ کر کمر پر دم کریں۔ کمر درد کو فوری آرام آ

جائے گا۔شدید سے شدید درد بھی تین بار کے عمل سے ہمیشہ کے لیے ختم ہو جاتا ہے۔

درد گردن

جس کسی کی گردن میں کسی خرابی کی وجہ سے یا ویسے ہی موسم کی وجہ سے درد اور تکلیف لاحق ہو گئی ہو تو ایسی حالت میں بعد از نماز فجر باوضو سورۂ مزمل ۸ بار اول و آخر درود شریف مدنی ۱۷، ۱۷ بار پڑھ کر گردن پر دم کریں اور سورۂ مزمل کو کسی سفید کاغذ پر زعفران و گلاب سے لکھ کر موم جامہ کر کے گردن کے زیادہ تکلیف دہ حصے کی طرف باندھ دیں۔انشاء اللہ گردن کی مذکورہ تکلیف ختم ہو جائے گی اور دوبارہ ایسی شکایت نہ ہوگی۔

دفع زہر وغیرہ

اگر کسی شخص نے کسی کو زہر یا شیر کی مونچھ کا بال وغیرہ کھلا دیا ہو اور اس کی وجہ سے وہ شخص تکلیف میں مبتلا ہو تو ذیل کا عمل بہت ہی نافع ہے۔

تھوڑی سی شیرینی لے کر اس پر ۶ بار سورۂ مزمل پڑھ کر دم کر کے اسے کھلائیں۔بفضل باری اس عمل کی برکت سے ساری تکلیف رفع ہو جائے گی اور زہر یا شیر کی مونچھ کا بال جسم سے خارج ہو جائے گا۔

اسقاط حمل

جس حاملہ عورت کو اسقاط کی شکایت ہو اور اس کا حمل گر جاتا ہو تو ایسی حالت میں ذیل کا عمل کریں۔

سات تار کچے ریشم کے لیکر اس کا گنڈہ تیار کریں۔اس پر گیارہ بار سورۂ مزمل پڑھ کر گیارہ گرہیں لگائیں (ہر گرہ پر ایک مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر دم کرنا ہے) پھر اس گنڈہ کو عورت کی کمر میں باندھ دیں اور وضع حمل کے وقت کھول دیں انشاء اللہ وہ حاملہ عورت اسقاط کے ضرر سے محفوظ و مامون رہے گی اور صحت مند بچے کو جنم دے گی۔

سر درد کا علاج

ایسی صورت میں باوضو حالت میں بسم اللہ ۳۰ بار اور سورۂ مزمل تین بار سر کو پکڑ کر دم کریں اس سے سر درد فوری دور ہو جائے گا۔

سنگ مثانہ و گردہ

اس کے لیے بعد از نماز فجر چینی کی پلیٹ پر سورۂ مزمل بمعہ بسم اللہ زعفران و گلاب سے لکھے، پھر اس کو تازہ پانی سے دھو کر کسی بوتل میں پانی کو بھرے اور اس پر اول و آخر درود شفاء ایک سو بار اور سورۂ مزمل گیارہ بار پڑھ کر دم کرے اور اس پانی کو نہار منہ چار گھونٹ پانی یا شافی بحرمت سورۂ مزمل پڑھ کر پی لیا کرے اور یہی عمل رات کو سوتے وقت کیا کرے۔انشاء اللہ چند یوم کے عمل سے سنگ مثانہ یا گردہ ریزہ ریزہ ہو کر پیشاب کے راستے خارج ہو جائے گا۔

فالج کا علاج

بعد از نماز فجر سورۂ مزمل ۹ بار سورۂ یٰسین ۲ بار، سورۂ جمعہ ۸ بار، اول و آخر

درود الصوفی ۱۴،۱۴ بار پڑھ کر روغن زیتون پر دم کرے۔ اور اس روغن سے
سارے جسم کی مالش روزانہ کیا کریں۔ ہو سکے تو زیر استعمال دوا بھی دم کر کے
کھلایا کریں۔ انشاء اللہ اس عمل سے دن بدن فالج زدہ حصوں میں قوت و توانائی
آتی چلی جائے گی اور تھوڑے عرصے میں مریض صحت یاب ہو جائے گا اور
شفائے کاملہ پائے گا۔

لقوہ کا علاج

باوضو حالت میں سرسوں، تلوں اور روغن زیتون کو لے کر اس پر سورۂ مزمل ۹
مرتبہ، سورۂ یٰسین ۷ مرتبہ اور سورۂ جمعہ ۸ مرتبہ اور درود پاک الصوفی ۱۴ مرتبہ اول و
آخر پڑھے اور اس تیل یا روغن کو دم کر لے اور پھر قدرے تیل لے کر متاثرہ جسم پر
آہستہ آہستہ مالش کریں اور ساتھ ساتھ درود شفاء بھی پڑھ کر دم کرتے رہیں۔ اس
سے مریض کو افاقہ ہو جائے گا۔ چند دنوں کے عمل سے مریض شفایاب ہو جائے گا
اور اسے مرض سے مکمل نجات مل جائے گی۔

قوت گویائی کے لیے

ہر روز بعد نماز عشاء سورۂ مزمل ۱۱ مرتبہ پھر اول و آخر درود پاک الصوفی
۱۶،۱۶ مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لے اور اس کا پانی بنا کر پیے، انشاء اللہ ۸ دن
کے عمل مسلسل سے قوت گویائی بحال ہو جائے گی اور گلے کی خرابی دور ہو جائے
گی اور مکمل شفایابی حاصل ہوگی۔

کند ذہنی کا علاج

بعد از ہر نماز سورۂ مزمل کی آیت مبارکہ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ تَبْتِيلًا
(سورۃ مزمل ۷۳۔ آیت ۸) ۱۷ مرتبہ اول و آخر درود الصوفی ۵،۵ بار پڑھ کر
اپنے اوپر دم کیا کرے اور اسی آیت کو کسی سفید کاغذ پر باوضو حالت میں تین بار لکھ
کر موم جامہ کر کے سیدھے ہاتھ پر باندھے۔
انشاء اللہ اس عمل کی بدولت اس کی یادداشت بہت تیز ہو جائے گی اور کند
ذہنی کا مرض جلد ہی ختم ہو جائے گا اور اس عمل کو کم از کم چالیس روز بلا ناغہ کرے۔

وبائی امراض سے بچاؤ

اس مقصد کے لیے باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر کسی سفید کاغذ پر
زعفران و گلاب سے سورۂ مزمل لکھے۔ ساتھ ہی بسم اللہ بھی لکھے پھر اس کاغذ کو
اپنے گھر کے بڑے دروازے کے اوپر لٹکا دے یا چسپاں کر دے۔ اس کے علاوہ
ہر روز ۶ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر پانی پر دم کر کے گھر کے تمام افراد اس کا پانی بھی
استعمال میں لائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی بدولت وہ اور اس کے گھر والے
ہر لحاظ سے اس وبائی مرض سے محفوظ رہیں گے۔

تتلاہٹ و ہکلاہٹ کا علاج

ہر روز بعد از نماز عشاء ۵ بار سورۂ مزمل بمعہ اول و آخر درود الصوفی ۱۵،۱۵
مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے، اور اس کا پانی بنا کر پیا کرے۔ انشاء اللہ گیارہ

یوم کے اندر اندر اس مرض سے چھٹکارا پا جائے گا اور یہ شکایت ہمیشہ کے لیے ختم ہو جائے گی۔

یادداشت کی درستگی

ہر روز بعد از نماز فجر قبلہ رخ بیٹھ کر سورۂ مزمل ۹ بار اول و آخر درود مدنی ۹،۹ بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے نہار منہ پانی پی لے۔ اس طرح یہ عمل ۱۵ روز تک بلا ناغہ کرے۔ اس سے پہلے اس کی یادداشت درست ہو جائے گی اور وہ کبھی بھی کوئی بات بھول نہ پائے گا۔

بخار کے لیے

باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر ۵ مرتبہ سورۂ مزمل معہ اول و آخر درود الصوفی ۱۰،۱۰ بار پڑھ کر پانی دم کر کے بتالیس۔ مریض کو دن میں تھوڑے تھوڑے وقفے سے دو، دو گھونٹ پانی پلائیں۔ اس عمل سے مریض کا بخار اتر جائے گا۔ تین دن کے عمل سے مریض مکمل شفایاب ہو جائے گا۔

باری کا بخار

اس کے لیے ایک کالی ڈوری لے کر اس پر باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر سورہ الحمد ۹ مرتبہ، سورہ اخلاص ۵ مرتبہ، آیت الکرسی ۲ مرتبہ، سورۂ مزمل ۵ مرتبہ، یا حفیظ ۲۸ مرتبہ پڑھ کر ایک گرہ لگائیں اور پانی بھی پاس رکھیں۔ پانی پر دم کریں۔ اس طریقے سے یہ عمل سات بار کر کے سات گرہیں لگائیں اور سات بار پانی پر دم کریں۔ اول و آخر درود الصوفی

۱۰،۱۰ بار پڑھیں۔ پانی وقفے وقفے سے مریض کو پلائیں اور ڈوری مریض کے گلے میں پہنا دیں۔ انشاء اللہ بخار فوری طور پر اتر جائے گا اور پھر نہیں چڑھے گا۔ مکمل آرام کے لیے پانی کا عمل سات یوم تک مسلسل کریں۔

تپ ولرزہ کے بخار کے لیے

۱۰ مرتبہ سورۂ مزمل باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر پڑھیں۔ اول و آخر درود مدنی ۱۰،۱۰ مرتبہ پڑھیں اور پانی پر دم کر کے وہ پانی دو، دو گھونٹ مریض کو دن میں وقفے وقفے سے پلائیں۔ انشاء اللہ تین دن کے عمل میں تپ ولرزہ ہمیشہ کے لیے ختم ہو جائے گا اور مریض صحت یاب ہو جائے گا۔

جاڑا بخار کے لیے

جس کسی کو جاڑا بخار آتا ہو تو ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔ اس کے لیے سورۂ مزمل باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر زعفران و گلاب سے کسی سفید کاغذ پر لکھ کر شیشے کی سرخ رنگ کی بوتل میں پانی لے کر اس میں کاغذ کو بھگو دیں اور اس پانی کو دن میں ۶ مرتبہ پلانے سے مکمل شفاء حاصل ہو جائے گی۔

شدید بخار کی صورت میں

ایسی حالت میں باوضو ہو کر ۸ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر پانی پر دم کریں اور اس پانی کے چھینٹے مریض کے منہ پر ماریں اور تھوڑا تھوڑا پانی مریض کو وقفے وقفے سے پلائیں۔ انشاء اللہ اس عمل سے بخار اتر جائے گا اور مریض شفایاب ہو جائے گا۔

پاگل پن کا علاج

اس کے لیے باوضو حالت میں ۲۷ مرتبہ سورۃ مزمل کا پانی دم کر کے روزانہ بنائیں اور اول و آخر درود الصوفی ۱۴،۱۴ مرتبہ پڑھیں پھر اس پانی کے چھینٹے دن میں ۶ بار اس پر ماریں اور ممکن ہو تو قدرے پانی اس کو پلائیں، ۲۷ یوم کے عمل سے پاگل پن کے آثار کافی حد تک معدوم ہو جائیں گے اور دورے پڑنے بند ہو جائیں گے لیکن عمل پیہم سے رفتہ رفتہ اس مرض سے مکمل نجات مل جائے گی ہو سکے تو اس کے ماتھے کے عین درمیان ۹ بار پھونک بھی لگایا کریں بفضل باری تعالیٰ مریض شفایاب ہو جائے گا۔

جنون سے حفاظت

چینی کی بڑی پلیٹ پر باوضو حالت میں سورۃ مزمل بمعہ بسم اللہ اور درود شریف الصوفی ۶ بار زعفران و گلاب سے لکھ کر پانی سے دھو کر مریض کو پلائیں اور ۵ بار سورۃ مزمل اور ۱۰ بار درود شریف الصوفی بھی پڑھ کر دم کریں۔ ۲۱ روز بلا ناغہ اس عمل سے انشاء اللہ جنون سے چھٹکارا حاصل ہو جائے گا اور کوئی تکلیف باقی نہ رہے گی۔

تکلیف مثانہ

باوضو حالت میں سورۃ مزمل ۳ مرتبہ اور اول و آخر درود شریف الصوفی ۱۰،۱۰ مرتبہ پڑھ کر پانی کی بوتل بنالیں اور اس پانی کو مریض دن میں وقفے

وقفے سے دو، دو گھونٹ یَا شَافِی کہہ کر استعمال کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی بدولت مثانہ کی تکلیف و درد رفع ہو جائے گا۔ چند یوم کے مسلسل عمل سے یہ شکایت مستقلاً دور ہو جائے گی۔

جریان کا علاج

بارش کا پانی یا بہ امر مجبوری کسی کنویں کا پانی لے کر اس پر سورۃ مزمل ۶ بار بمعہ اول و آخر درود مدنی ۱۵،۱۵ بار پڑھ کر دم کرلیں اور یہ پانی روزانہ مریض کو صبح، دوپہر، شام پلایا کریں۔ انشاء اللہ اس عمل سے بہت جلد مریض اس موذی مرض سے نجات پا جائے گا اور صحت یاب ہو جائے گا۔

سوزاک کا علاج

باوضو حالت میں سورۃ مزمل ۷ مرتبہ بارش کا پانی یہ امر مجبوری پاک صاف پانی پر پڑھ کر دم کریں اور مریض کو دن میں کئی بار پلائیں۔ سات یوم کے بلاناغہ عمل سے انشاء اللہ یہ مرض ختم ہو جائے گا اور شفائے کاملہ نصیب ہو گی۔

نامردی کا علاج

اس مقصد کے لیے ہر روز بعد از نماز عشاء تازہ وضو کر کے ۱۸ مرتبہ آیت مبارکہ اِنَّ لَکَ فِی النَّھَارِ سَبۡحاً طَوِیۡلاً پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے۔ پھر اول و آخر درود الصوفی ۱۶،۱۶ بار بھی پڑھ کر دم کرے اور اسی پڑھائی کا پانی بھی بنا کر تھوڑا تھوڑا وقفے وقفے سے استعمال کرے، ۱۷ یوم تک یہ عمل بلا ناغہ جاری

رکھے۔ انشاء اللہ قوت باہ بھی قوی اور عجب تاثیر والی ہو جائے گی اور اس کی وجہ سے شرمساری سے نجات مل جائے گی۔

اسقاط حمل

اس کے لیے باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر ۹ بار سورۂ مزمل اول و آخر ۱۴،۱۴ بار درود الصوفی قند سیاہ پر دم کر کے کھلائیں۔ انشاء اللہ تین بار کے اس عمل سے حمل کبھی بھی ساقط نہ ہوگا اور قائم رہے گا۔

اولاد سے محرومی

جو کوئی اولاد سے محروم ہو اور کسی بھی بیماری یا سحر و جادو کی وجہ سے اس کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو اور وہ اولاد کا آرزومند ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد نافع ہے۔

اس کے لیے ایک کلوگرام تل سیاہ لے کر ان کو صاف کرے اور پھر باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر اول و آخر درود الصوفی ۱۴ بار پھر سورۂ مزمل ۹ بار پڑھ کر دم کرے اور عورت ان کو ۲۴ دن استعمال کرے پھر جب حیض سے عورت پاک ہو کر غسل کرے۔ تب وہ ایک روزہ رکھے اور افطاری سے پہلے گائے کے دودھ سے روزہ افطار کرے اور رات کے وقت اپنے خاوند سے ہم بستری کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے حمل ٹھہر جائے گا اور اللہ تعالیٰ اولاد کی نعمت سے سرفراز فرمادے گا۔ اگر پہلے ماہ حمل نہ ہو تو زیادہ سے زیادہ ۲۷ دن اس عمل کی بدولت مراد بفضل تعالیٰ پوری ہو جائے گی۔

اولاد قسمت میں ہے یا نہیں

اگر کسی بے اولاد عورت کے متعلق یہ جاننا ضروری ہو کہ آیا اس کی قسمت میں اولاد ہے یا نہیں۔ تو اس کے لیے ذیل کا عمل کرنے سے اس بات کا علم ہو جائے گا۔ شوہر یا کوئی اور فرد باوضو حالت میں ۹ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر دودھ پر دم کرے لیکن یہ عمل اس وقت کریں جب عورت حیض سے پاک صاف ہو گئی ہو۔ اس کے بعد وہ عورت روزہ رکھے اور اس دودھ سے افطار کرے اگر دودھ ہضم ہو گیا تو پھر عورت کے رحم میں کوئی نقص ہے اس کا علاج کروائیں اور اگر دودھ قے کی صورت میں باہر نکل جائے تو وہ عورت اولاد کی نعمت سے محروم رہے گی۔

۱ بانجھ پن کا علاج

جو عورت بانجھ پن کا شکار ہو، اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔ اس کے لیے بعد از نماز فجر ۶ مرتبہ سورۂ یٰسین، ۸ مرتبہ سورۂ مزمل اول و آخر درود مدنی ۱۷،۱۷ مرتبہ، پھر نماز مغرب اور نماز عشاء کے بعد تین تین مرتبہ یہی عمل کر کے دعا مانگیں۔ انشاء اللہ اکتالیس یوم کے عمل سے مالک ارض و سماء مراد پوری کرے گا۔

بانجھ پن کا علاج

اگر کوئی عورت بانجھ ہو یا کسی اور وجہ سے اس کے رحم میں کوئی خرابی ہو گئی ہو، علاج کے باوجود صحت حاصل نہ ہو اور اولاد پیدا کرنے سے محروم ہو اور اولاد

کی شدید خواہش رکھتی ہو تو ایسی حالت میں ذیل کا عمل انتہائی سریع التاثیر ہے۔

اس کے لیے لازم ہے کہ ایک کلوگرام سیاہ تل لے کر ان کو اچھی طرح صاف کریں اور ان پر باوضو حالت میں ۶ مرتبہ سورۂ یٰسین اس طرح دم کریں کہ اول و آخر درود مدنی ۱۷ بار پڑھیں۔ عورت کو دم کئے ہوئے یہ تل دیں۔ وہ ان کو روزانہ استعمال میں لائے پھر جب عورت حیض سے پاک صاف ہو جائے تو اگلے دن روزہ رکھے اور افطاری سے پہلے گائے کے خالص دودھ پر ۱۷ مرتبہ سورۂ مزمل بمعہ اول و آخر درود مدنی ۱۷، ۱۷ بار پڑھ کر دم کرے اور اس دم کیے ہوئے دودھ سے روزہ افطار کرے اور رات کے وقت اپنے شوہر سے ہم بستری کرے۔ بفضل باری تعالیٰ حمل قرار پا جائے گا اور اللہ تعالیٰ اولاد کی نعمت سے سرفراز فرمائیں گے اور جملہ تکالیف رحم سے بھی عورت محفوظ و مامون رہے گی

بانجھ پن کا علاج

جو عورت بانجھ ہو اور اولاد پیدا کرنے کے قابل نہ ہو، اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد نافع ہے۔ ذیل کی آیت مبارکہ کو چینی کی طشتری پر زعفران و گلاب سے لکھ کر روزانہ پانی سے دھو کر یہ پانی دن میں کئی مرتبہ استعمال کرے۔ یہ عمل اکتالیس روز کرنے سے بانجھ پن مکمل طور پر ختم ہو جائے گا۔ اس عمل کے بعد اپنے خاوند سے ہم بستری کرے، ضرور حاملہ ہو گی اور بفضل تعالیٰ صالح فرزند اس کے ہاں ہو گا۔ آیت مبارکہ یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اِنَّا سَنُلْقِیْ قَوْلاً ثَقِیْلاً (سورۃ المزمل ۷۳۔ آیت ۵)

اولاد کی زندگی کے لیے

جس کسی کے بچے شیر خوار حالت میں فوت ہو جاتے ہیں یا اس قدر پیدائشی کمزور ہوں کہ ان کے بچنے کی کوئی امید نظر نہ آتی ہو تو نیلے رنگ کے سوت کی چالیس تار لے کر ان کی رسی بٹ لی جائے اور پھر اس رسی پر ایک سرے سے آخری سرے تک چالیس گرہیں اس طرح لگائیں کہ ہر گرہ لگاتے وقت ایک مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر دم کیا جائے، پھر اس گنڈے کو بچے کے گلے میں ڈالیں، انشاء اللہ اس عمل سے بچہ زندہ رہے گا اور اس کی صحت بھی برقرار رہے گی اور وہ کسی بھی قسم کی تکلیف اور مرض میں مبتلا نہ ہو گا۔

اولاد کے لیے پیران پیر کا مجرب نسخہ

جس کسی کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو اور حمل ٹھہر کر ساقط ہو جاتا ہو تو ایسی حالت میں ذیل کا پیران پیر کا بخشا ہوا عمل انتہائی مفید اور نافع ہے۔

اس کے لیے اکتالیس تار کچے نیلے سوت کے لیں۔ ان پر اول و آخر درود الصوفی ۵، ۵ بار پڑھ کر دم کریں پھر ۱۵ بار آیت الکرسی پڑھ کر کے پہلے اور آخری سرے پر گرہ لگائیں۔ بعدہ سورہ رحمٰن بمعہ بسم اللہ شروع کرے اور ہر بار فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ پر ایک گرہ لگا دیں۔ اس طرح اکتالیس گرہیں لگ جائیں گی، پھر اس پر سورۂ مزمل بمعہ بسم اللہ اکتالیس بار پڑھ کر دم کر کے باری باری اکتالیس گرہیں لگا دیں۔ جب یہ گنڈہ تیار ہو جائے تو گیارہ روپیہ کی شیرینی لا کر

اس پر حضور غوث پاک کی فاتحہ دلا کر اس گنڈہ کو جب عورت حیض سے فارغ ہو، بعد غسل کے عورت کی کمر سے باندھ دے۔ انشاء اللہ اولاد ضرور پیدا ہوگی اور بفضل باری تعالیٰ عورت کا حمل قائم و دائم رہے گا۔

اولاد نرینہ کے لیے

اس کے لیے روزانہ بعد نماز تہجد باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر اول و آخر درود الصوفی ۱۴، ۱۴ مرتبہ سورۃ مزمل ۹ بار پڑھ کر ۷ مرتبہ یہ دعا پڑھ کر اللہ کے حضور دعا مانگیں۔ انشاء اللہ ۲۷ روز کے عمل مسلسل سے اللہ تعالیٰ اولاد نرینہ سے ضرور نوازیں گے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. يَابَرُّ يَابَرُّ يَا بَرُّ يَابَدِيْعُ يَا بَدِيْعُ يَابَدِيْعُ بِحَقِّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ.

حصول اولاد کے لیے

اگر کسی کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل کرنے سے اولاد نرینہ سے اللہ تعالیٰ نوازیں گے۔

جب عورت حیض سے پاک ہو کر غسل کرے، دن کو روزہ رکھے اور پانی پر ۹ بار سورۃ مزمل شریف پڑھ کر دم کرے اور اس پانی سے روزہ افطار کرے اور رات کو اپنے خاوند سے ہم بستری کرے۔ انشاء اللہ ۹ روز کے عمل مسلسل سے اس کے حمل ٹھہر جائے گا اور اولاد نرینہ سے اللہ تعالیٰ نوازیں گے۔

حصول اولاد

جس عورت کے ہاں کسی بیماری کی وجہ سے رحم کی خرابی پیدا ہو گئی ہو اور اولاد نہ ہوتی ہو اور وہ نیک اور صالح فرزند چاہتی ہو تو ایسی حالت میں ذیل کا نقش بے حد مفید ہے۔ اس مقصد کے لیے چاند کی پہلی تاریخ سے سات یوم تک بلا ناغہ باوضو حالت میں سورۃ مزمل کی آیت مبارکہ اِنَّ نَاشِئَةَ اللَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ وَطْـًٔا وَّاَقْوَمُ قِيْلًا (سورۃ مزمل ۷۳۔ آیت ۶) ۱۹ مرتبہ سفید کاغذ پر زعفران و گلاب سے لکھے اور اس پر اس آیت کو ۲۸ مرتبہ معہ اول و آخر درود مدنی ۳۱ مرتبہ پڑھ کر دم کر لے اور کاغذ کو کسی پانی کی بوتل میں ڈال لے اور اس پانی کو روزانہ ۹ مرتبہ استعمال کرے۔ یہ عمل کم از کم ۹ روز ہر نئے چاند سے شروع کر کے کرے اور تین ماہ تک مسلسل اس عمل کو جاری رکھے۔

اس کے ساتھ ہی اس آیت مبارکہ کو بمعہ درود مدنی ۳۱ مرتبہ پڑھ کر اپنے پیٹ پر دم کیا کرے۔ بفضل تعالیٰ اس عمل سے رحم کی خرابی دور ہو جائے گی اور نیک اولاد اس کے ہاں ہو گی۔

حصول بیٹا

جس کسی کے ہاں لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہوں اور بیٹے کی شدید خواہش اور طلب ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل مفید ہے۔

۹ دن برابر ۹ بار سورۃ مزمل روزانہ پڑھ کر قدرے شیرینی پر دم کرے اور ۹ روز تک روزانہ وہ شیرینی عورت کو کھلائے، بعد از ۹ یوم عورت اپنے خاوند سے ہم

بستری کرے انشاء اللہ العزیز اس عمل کی بدولت اس کے ہاں بیٹا ہی پیدا ہوگا۔

سوکھے پن کا علاج (ام الصبیان)

اس کے لیے باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھنے کے بعد، بعد از نماز فجر آب زمزم یا بہ امر مجبوری سادہ پانی لے کر بسم اللہ (۱۲ بار)، سورۃ مزمل (۱۱ بار)، اللہ شافی (۱۱ بار) ھو الشافی بِحَقِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ (۱۱ بار) اول و آخر درود مدنی (۱۲،۱۲ بار) پڑھ کر دم کریں۔ پانی بچے کو وقفے وقفے سے پلائیں اور اس پانی سے بچے کو غسل بھی دیں۔ غسل کسی پاک جگہ پر دیں تاکہ پانی زمین میں جذب ہو جائے۔ بہ امر مجبوری غسل کی بجائے کسی کپڑے کو پانی میں بھگو کر بدن پر پھیریں۔ بچا ہوا پانی کسی پاک جگہ پر گرائیں۔ یہ عمل اکیس یوم تک بلا ناغہ کریں۔ انشاء اللہ سوکھے پن سے نجات مل جائے گی۔ بعد از شفا بچے کے ہم وزن آٹا غریبوں میں خیرات کردیں۔

سوکھے پن کا علاج

جو بچہ کسی بیماری یا آسیب کی وجہ سے سوکھ کر کانٹا ہو گیا ہو اور بیماری کا پتہ نہ چلتا ہو۔ نہ ہی اسے کسی بھی دوا سے آرام آتا ہو تو اس کے لیے بعد از نماز فجر روغن زیتون لے کر اس پر اکیس مرتبہ سورۃ مزمل اول و آخر درود شریف مدنی ۲۱،۲۱ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ پھر اس روغن زیتون کی مالش بچے کے تمام جسم پر روزانہ کریں اور ایک گھنٹے کے وقفے کے بعد بچے کو نیم گرم پانی سے نہلا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل سے بچے کا سوکھا پن ختم ہونا شروع ہو جائے گا اور

تھوڑے ہی عرصے میں بچے کو صحت وتندرستی حاصل ہو جائے گی اور دوبارہ یہ شکایت نہ ہوگی۔

علاج اٹھرا

جس عورت کے ہاں بچے پیدا ہو کر مر جاتے ہوں یا مرے ہوئے بچے پیدا ہوتے ہوں تو اس کے لیے باوضو حالت میں بعد از نماز فجر آب رواں پر سورۃ رحمٰن ۲ بار، سورۃ مزمل ۳ بار، اول و آخر درود مدنی ۱۲،۱۲ بار پڑھ کر دم کریں اور اس عورت کو دن میں ۹ بار تھوڑا تھوڑا کر کے پلائیں۔ یہ عمل ۲۷ روز جاری رکھیں۔ اس مرض سے ہمیشہ کے لیے بفضل باری تعالیٰ نجات مل جائے گی اور آئندہ ایسی کوئی بھی شکایت پیدا نہ ہوگی۔

بچے کا رونا اور ضد کرنا

اگر کوئی بچہ بلاوجہ روتا رہتا ہو اور حد سے زیادہ ضدی ہو گیا ہو اور والدین اس کی وجہ سے بے حد پریشان رہتے ہوں تو اس مقصد کے لیے باوضو حالت میں سورۃ مزمل ۸ بار پڑھ کر بچے پر دم کریں اور چینی کی طشتری میں سورۃ مزمل کی آیات مبارکہ کو زعفران و گلاب سے لکھ کر پانی سے دھو کر اسے پلائیں۔ ۱۵ یوم کے بلا ناغہ عمل سے بچے کا رونا اور ضد کرنا ختم ہو جائے گا اور وہ پرسکون نیند سویا کرے گا اور والدین کی پریشانی ختم ہو جائے گی۔ آیت مبارکہ یہ ہے:

وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ سے لے کر غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ تک۔

(سورۃ المزمل ۷۳۔ آیت ۲۰)

بچے کے رونے کے لیے

جو بچہ بہت زیادہ روتا ہو اور کسی طرح چپ نہ ہوتا ہو تو اس کے لیے میٹھی شے لے کر باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر ۳ مرتبہ سورۃ الحمد، ۸ مرتبہ چاروں قل، ۵ مرتبہ آیت الکرسی اور ۸ مرتبہ سورۂ مزمل بمعہ اول و آخر درود مدنی ۱۷، ۱۷ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور بچے کو کھلا دیں۔ بچہ خاموش ہو جائے گا۔

بچے کو نظر بد سے بچانا

بچے کو ہمیشہ کے لیے نظر بد سے محفوظ رکھنے کے لیے ذیل کی آیات کو تانبے کی تختی پر کندہ کروا کر بچے کے گلے میں ڈالیں۔ آیت یہ ہے:

رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا.

(سورۃ المزمل ۷۳۔ آیت ۹)

نظر بد سے بچاؤ

اگر کوئی بچہ نظر بد کا شکار ہو گیا ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل مفید ہے۔ اس کے لیے بعد از نماز مغرب ۵ مرتبہ سورۂ مزمل بمعہ اول و آخر درود الصوفی ۳، ۳، بار پڑھ کر ۱۳ روز تک بچے کو دم کریں۔ انشاء اللہ بچہ نظر بد سے ہمیشہ کے لیے محفوظ و مامون ہو جائے گا اور پہلے سے ہوا اثر بھی بالکل ختم ہو جائے گا۔

نظر بد کے لیے

اگر کسی بچے کو نظر لگ گئی ہو اور اس کی بیماری اور تکلیف رفع نہ ہوتی ہو تو

باوضو حالت میں ۷ مرتبہ سورۂ مزمل بمعہ اول و آخر تین تین مرتبہ درود الصوفی پڑھ کر بچے کو دم کریں۔ انشاء اللہ العزیز بچہ سات یوم کے عمل میں ہمیشہ کے لیے اس عمل کی بدولت نظر بد سے محفوظ ہو جائے گا۔

بری عادات چھڑانے کا عمل

جو کوئی بری عادات بد کا شکار ہو اور باوجود کوشش بسیار کے اس فعل سے باز نہ آتا ہو تو اس کے لیے ہر روز بعد از نماز فجر قبلہ رخ بیٹھ کر اول و آخر درود الصوفی ۱۲،۱۲ بار، سورۂ مزمل ۷ بار، اور آیات کفایہ پڑھ کر مطلوب پر دم کریں اور اس کا پانی بنا کر اسے نہار منہ پلائیں۔ انشاء اللہ اکیس یوم کے بلاناغہ عمل سے عادت بد سے ہمیشہ کے لیے چھٹکارا مل جائے گا۔ آیت کفایہ یہ ہیں:

وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا۔ سورۃ النساء ۴۔ آیت ۴۵۔ ۶ بار پڑھیں۔

وَكَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيْرًا سورۃ النساء ۴۔ آیت ۴۵۔ ۴ بار پڑھیں۔

وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا سورۃ النساء ۴۔ آیت ۶۔ ۴ بار پڑھیں۔

وَكَفٰى بِاللّٰهِ عَلِيْمًا سورۃ النساء ۴۔ آیت ۷۰۔ ۲ بار پڑھیں۔

وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا سورۃ النساء ۴۔ آیت ۸۱۔ ۸ بار پڑھیں

وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا سورۃ النساء ۴۔ آیت ۷۹، ۱۶۶۔ سورۃ الرعد ۳۔ آیت ۴۳۔ ۹ بار پڑھیں۔

جوئے باز کا علاج

جو کوئی جوئے بازی کی لت میں مبتلا ہو گیا ہو اور کسی بھی طرح اس سے باز

نہ آتا ہو اور اس میں اپنی دولت لٹا بیٹھا ہو یا بے دریغ لٹا رہا ہو تو اس کو اس عمل سے باز رکھنے کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔

اس کے لیے ہفتے میں تین دن پیر، جمعرات اور جمعہ بعد از نماز عشاء خلوص نیت سے عمل شروع کریں اور تھوڑی سی شیرینی لے کر اس پر اول و آخر درود الصوفی ۱۰ مرتبہ، سورۂ فاتحہ ۹ مرتبہ، سورۂ اخلاص ۵ مرتبہ، سورۂ جمعہ ۴ مرتبہ سورۂ رحمٰن ۴ مرتبہ، سورۂ مزمل ۵ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس مٹھائی کو جوئے باز کو کھلا دیا کریں۔ انشاء اللہ (۱۱) دن کے عمل سے جوئے باز جوا کھیلنے سے ہمیشہ کے لیے تائب ہو جائے گا اور پھر جوئے کا کبھی نام بھی زبان پر نہ لائے گا

زنا چھڑانے کا عمل

اگر کوئی زنا جیسی عادت میں مبتلا ہو گیا ہو اور باوجود سمجھانے بجھانے اور ہر قسم کے حربہ کو اختیار کرنے کے وہ اس عادت بد سے باز نہ آتا ہو تو اکیس دن کا عمل اس طریقے سے شروع کریں کہ نئے چاند سے ۲۱ دن پیر، جمعرات اور جمعہ کو بعد از نماز عشاء پانی یا مٹھائی لے کر اس پر سب سے پہلے سورۂ فاتحہ ۱۰ مرتبہ، پھر سورۂ اخلاص ۶ مرتبہ، پھر سورۂ جمعہ ۵ مرتبہ، پھر سورۂ رحمٰن ۵ مرتبہ، پھر سورۂ مزمل ۶ مرتبہ، اول و آخر درود مدنی ۱۵ مرتبہ پڑھ کر دم کریں جب زانی گھر آ جائے اور غسل سے فارغ ہو کر پاک صاف ہو جائے تو اس کو یہ پانی یا مٹھائی کسی نہ کسی بہانے سے پلا یا کھلا دیا کریں۔ اس عمل کے دوران ہی اس کا دل خود بخود زنا جیسے برے فعل سے متنفر سا ہونا شروع ہو جائے گا اور عمل مذکورہ کی مدت تک مکمل تائب ہو جائے گا

اور پھر زندگی بھر اس عادت بد میں مبتلا نہیں ہوگا۔

فسق و فجور سے بچاؤ

جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ ہر قسم کے فسق و فجور سے محفوظ رہے تو اس کے لیے ہر روز بعد نماز عصر قبلہ رخ برہنہ سر کھڑے ہو کر اول و آخر درود مدنی ۱۵ مرتبہ اور درمیان میں سورۂ مزمل ۴ بار پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ انشاء اللہ بفضل تعالیٰ وہ حفاظت الٰہی میں رہے گا اور فسق و فجور سے ہمیشہ کے لیے بچا رہے گا۔

شراب چھڑانے کا عمل

جو شخص بلا نوش شرابی ہو اور اس عمل کو چھوڑنے پر تیار نہ ہو یا کوئی اس بات کا خواہش مند ہو کہ اس کا عزیز اس سے توبہ کرے اور شراب نوشی چھوڑ دے تاکہ گھر میں امن و سکون ہو تو اس کے لیے اول و آخر درود الصوفی ۱۲، ۱۲ مرتبہ، سورۂ فاتحہ ۱۶ مرتبہ، سورۂ اخلاص ۱۲ بار، سورۂ جمعہ ۲ بار، سورۂ رحمٰن ۲ بار، سورۂ مزمل ۳ بار پڑھ کر مٹھائی پر دم کریں یا پانی پر دم کریں اور مطلوبہ شخص کو اس وقت پانی پلائیں یا مٹھائی کھلائیں جب اس کا نشہ اتر چکا ہو۔ انشاء اللہ اس عمل سے روز بروز اس کا نشہ ختم ہوتا جائے گا۔ نوے دن کے عمل سے اسے شراب نوشی کے اس فعل سے مکمل نجات مل جائے گی۔

ہیروئن چھڑانے کا عمل

اگر کوئی شخص نشہ ہیروئن کی لعنت میں مبتلا ہو اور اس سے کسی بھی طریقے

سے چھٹکارا نہ حاصل کر سکتا ہو تو ہفتے میں تین دن پیر، جمعرات اور جمعہ کو بعد از
نماز عشاء بہ خلوص نیت سے پانی یا شیرینی پر سورۃ فاتحہ ۱۰ بار، سورۃ اخلاص ۶ بار،
سورۃ جمعہ ۵ بار، سورۃ رحمٰن ۵ بار، اور سورۃ مزمل ۶ بار، اول و آخر درود مدنی ۱۵،۱۵، بار
پڑھ کر دم کریں اور جب متعلقہ شخص نشے کی حالت سے باہر ہو اس وقت شیرینی یا
پانی کھلا اور پلا دیں اس عمل کو نوے دن تک مسلسل کرنا ضروری ہے۔

آفیسر کو مہربان کرنا

جس کسی کا بڑا آفیسر سخت جابر ہو اور اپنے ملازمین پر بات بات پر سرزنش
کرتا ہو اور ہر وقت غصے میں بھرا رہتا ہو تو ایسی حالت میں ذیل کا عمل مفید ہے۔
اس مقصد کے لیے آپ اپنی کرسی پر بیٹھ کر ۴ بار سورۃ مزمل کا ورد کریں اور
اول و آخر درود مدنی ۴،۴ بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلیں اور اس کے بعد یہ دعا
مانگیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم. بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ
الْحَیُّ الْقَیُّوْم. بِسْمِ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِکْرَام. بِسْمِ
اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ
الْعَلِیْم. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ فلاں بن فلاں۔

(یہاں آفیسر کا نام اور اس کی ماں کا نام لیں اگر ماں کا نام نہ معلوم ہو تو بن
حوا کہیں) اس کے بعد اس آفیسر کا سامنا کریں۔ انشاء اللہ وہ آفیسر مہربانی اور
الفت سے پیش آئے گا۔

دو دشمنوں میں صلح وصفائی

جو شخص اس بات کا خواہاں ہو کہ دو بھائیوں، دو بہنوں یا بہن بھائیوں کے
درمیان عداوت و دشمنی ختم ہو جائے اور ان میں پیار والفت پیدا ہو جائے تو اس
مقصد کے لیے چالیس یوم تک بلا ناغہ باضو حالت میں سورۃ مزمل اس طرح
پڑھے کہ اس مدت کے اندر اس کی مقدار تلاوت دو سو چالیس بار ہو جائے لیکن
ہر بار سورۃ مزمل پڑھنے کے بعد یہ الفاظ کہے۔ ''لحب فلاں بن فلاں مالعبین
فلاں بن فلاں بطفیل سورۃ مزمل'' پڑھے۔ فلاں بن فلاں کی جگہ ان کے اور ان
کی ماؤں کے نام لے۔ اس عمل کو ایک متعین وقت پر چالیس روز کرنے کے
ساتھ رب العزت کے حضور دعا بھی کرے اور ممکن ہو تو مٹھائی پر دم بھی
چالیسویں روز (بعد از عمل) کرے اور یہ مٹھائی ان کو کسی طرح یا کسی بہانے سے
کھلا دے۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت ان کے درمیان عداوت اور دشمنی خود
بخود ختم ہو کر الفت ومحبت لازوال پیدا ہو جائے گی اور لوگ ان پر رشک کریں
گے اور وہ ایک دوسرے کے ساتھ شیر وشکر ہو جائیں گے۔

ساس یا بہو کو تابع کرنا

جس گھر میں ساس اور بہو میں سے کوئی ایک اپنی حدود سے تجاوز کرتا ہو
اور ان میں ناچاقی رہتی ہو تو اس کے لیے بعد از نماز جمعہ اول و آخر درود شریف
۱۳،۱۳ مرتبہ، سورۃ جمعہ تین مرتبہ اور سورۃ مزمل ۴ مرتبہ پڑھ کر پانی یا مٹھائی پر دم کر
کے مطلوب کو پلائیں یا کھلائیں۔ انشاء اللہ مطلوب تابع ہو جائے گا۔

سوکنوں کی لڑائی بند کروانا

اگر کسی شخص کی دو بیویوں کے درمیان ہر وقت لڑائی جھگڑا رہتا ہو اور وہ ہر وقت باہم دست و گریبان رہ کر گھر کا سکون تباہ و برباد کرتی ہوں اور مرد اس کی وجہ سے ابتلا میں مبتلا ہو تو اس کے لیے چینی کی بڑی طشتری پر باوضو حالت میں زعفران و گلاب سے سورۃ مزمل لکھے اور اس کو پانی سے دھو کر اس پانی سے مکئی کا آٹا گوندھے اور اس میں شکر ملائے اور پھر میٹھی روٹی پکا کر نصف نصف دونوں بیویوں کو کھلائے۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت ان کے درمیان صلح و صفائی ہو جائے گی اور گھر میں امن و سکون کا ماحول پیدا ہونے سے مرد ہر قسم کی پریشانی سے محفوظ ہو جائے گا۔

ظالم شوہر کو مہربان کرنا

جس عورت کا شوہر انتہائی ظالم و کرخت ہو، بات بات پر لڑتا جھگڑتا ہو اور ہر معاملے میں مداخلت کرتا ہو اور اس کی وجہ سے گھر کی فضاء خراب رہتی ہو اور بچوں پر برا اثر پڑتا ہو تو اس کے لیے بعد از نماز فجر اول و آخر درود شریف ۱۳،۱۳ مرتبہ، سورۃ فاتحہ ۸ بار، سورۃ مزمل ۴ بار پڑھ کر کسی کھانے والی چیز پر دم کریں اور اس کو کھلا دیں۔

دوران ورد اپنے مقصد کا خیال رکھیں اور بعد از ورد سجدے میں گر کر دعا خاص طور پر اللہ کے حضور کریں۔ انشاء اللہ تین دن کے عمل سے کرخت شوہر مہربان اور نرم ہو جائے گا۔

میاں بیوی میں صلح وصفائی

اگر کسی گھر میں میاں بیوی کے درمیان شدید ناچاقی ہو جائے یا ان کے درمیان بلاوجہ ہر وقت بات بات پر جھگڑا ہوتا رہے تو اس کے لیے صبح صادق کے وقت باوضو حالت میں صندل کی اصلی لکڑی کے ٹکڑے پر ۴ مرتبہ سورۃ مزمل پڑھے اور دم کرتے وقت یہ کہے کہ الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں (اس جگہ میاں بیوی اور ان کی ماؤں کا نام لے کر) پڑھے۔ اس دم کی ہوئی لکڑی کو کسی ایسی دیوار پر اونچی جگہ ٹھونک دیں کہ اس پر سورج کی روشنی خوب اچھی طرح پہنچے۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت ان کے درمیان بے مثال محبت پیدا ہو جائے گی اور وہ ایک دوسرے کے بغیر نہ رہ سکیں گے اور گھر میں سکون و چین کی فضاء پیدا ہو جائے گی۔

میاں بیوی میں محبت

جس مرد اور عورت کے درمیان ہر وقت گھر میں کلکل رہتی ہو، اور وہ ایک دوسرے سے نفرت کرتے ہوں، بات بات پر جھگڑتے ہوں تو پہلے سورۃ مزمل کی زکوٰۃ ادا کریں۔ اس کے بعد تھوڑی سی شیرینی لے کر اس پر سورۃ مزمل ۴ بار معہ حب خاوند اور اس کی ماں کا نام علی الحب بیوی اور اس کی ماں کا نام پڑھ کر دم کریں اور ان کو علیحدہ علیحدہ کسی طریقے سے کھلا دیں۔ انشاء اللہ ان کے درمیان بے پناہ محبت پیدا ہو جائے گی۔ نفرت بالکل ختم ہو جائے گی اور روز روز کا جھگڑا بالکل ختم ہو جائے گا اور آسائش اور اطمینان قلب حاصل ہوگا۔

نافرمان بیوی کو تابعدار کرنا

اگر کسی کی بیوی نافرمان ہو اور کہنے سننے سے باہر ہو، سمجھانے بجھانے سے بھی اپنی نافرمانی سے باز نہ آتی ہو تو اس کے لیے بروز جمعہ بعد از نماز جمعہ اول و آخر درود الصوفی ۱۰، ۱۰ مرتبہ، سورۃ جمعہ ۴ مرتبہ اور سورۃ مزمل ۵ بار پانی یا دودھ یا مٹھائی پر دم کریں اور اسے بیوی کو کھلا دیں یا پلا دیں۔ انشاء اللہ گیارہ یوم تک بلا ناغہ عمل کرنے سے بیوی مکمل تابع فرمان ہو جائے گی اور پھر کبھی بھی نافرمانی بفضل باری تعالیٰ نہیں کرے گی۔

مطلوب کے دل میں محبت پیدا کرنا

جس کسی کو کسی سے سچی محبت ہو لیکن اس کا مطلوب اس سے الفت و پیار نہ کرتا ہو اور نہ ہی اس سے التفات برتتا ہو تو اس مقصد کے لیے باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر سورۃ مزمل کا ورد اس طرح شروع کرے کہ جب آیت رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ سے وَكِيْلًا تک پڑھ لے تو پھر آیت حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ کی تکرار ۶ بار مرتبہ کرے اور جب اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ سے غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ تک پہنچے تو اس آیت کی ۱۳ بار تکرار کرے۔ اس کے بعد بقیہ سورۃ مبارکہ ختم کرے۔

اس طریقے سے سورۃ مزمل تین بار پڑھ کر اول و آخر درود مدنی ۱۳، ۱۳ مرتبہ اور درمیان میں یہ دعا گیارہ مرتبہ پڑھے اور اس دوران اپنا مقصد پیش نظر رکھے۔ دعا یہ ہے:

يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ قَلِّبْ قَلْبِهٖ اِلٰى لِعَيْنِىْ فلان بن فلان مَنْ

رَحْمَتِكَ فَضْلِكَ۔

(فلاں بن فلاں کی جگہ مطلوب کا نام پھر اس کی والدہ کے نام کو پڑھے)

دعا پڑھنے کے بعد سجدے میں جا کر گڑگڑا کر اللہ کے حضور اپنے مقصد اور سچی لگن کے لیے دعا مانگے، انشاء اللہ اس کی دعا ضرور قبول ہوگی اور اس کا مقصد حل ہو جائے گا۔ یہ عمل (۱۲) روز بلا ناغہ کرنا ہے۔

محبت کے لیے

جس کو کسی کی محبت حاصل کرنا درکار ہو تو کسی پھول یا عطر کی شیشی پر باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر چار مرتبہ سورۃ مزمل معہ اول و آخر درود مدنی ۴، ۴ بار پڑھ کر دم کرے اور پھر اس پھول یا عطر کو مطلوب کو سنگھائے۔ بفضل تعالیٰ وہ فریفتہ ہو جائے گا۔

والدین کی رضا کے لیے

اگر کسی کے والدین اس سے کسی بات پر سخت ناراض ہو جائیں اور راضی نہ ہوتے ہوں تو اس مقصد کے لیے چالیس روز تک نماز تہجد کے وقت اٹھے اور باوضو ہو کر بارہ رکعت نماز نفل اس طرح ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد چار بار سورۃ مزمل پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد سجدے میں گڑگڑا کر اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگے۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت اس کے والدین کی ناراضگی ہمیشہ کے لیے دور ہو جائے گی اور وہ پہلے سے بھی زیادہ محبت اور شفقت سے پیش آئیں گے۔

نافرمان کے لیے

جو بچہ یا ملازم نافرمان ہو اور کہنا نہ مانتا ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔ اس کے لیے رات کو بوقت تہجد اٹھ کر بعد از نماز تہجد اول و آخر درود مدنی ۱۳، ۱۳ مرتبہ، سورۂ مزمل ۴۳ مرتبہ، اور ۴۳ مرتبہ یا ودود یا عزیز پڑھ کر مٹھائی پر دم کر کے مطلوب کو کھلائیں۔

انشاء اللہ ۱۰ یوم کے عمل سے نافرمان مطیع و مسخر ہو جائے گا اور ہر بات بلا چوں و چرا مانے گا۔

نافرمان اولاد کے لیے

جس کسی کی اولاد نافرمان ہو اور کہنا نہ مانتی ہو اور آپس میں لڑتی جھگڑتی ہو اور اس کی وجہ سے والدین ہر وقت پریشان حال رہتے ہوں اور اولاد پر ان کی کوئی نصیحت یا بات اثر نہ کرتی ہو تو اس مقصد کے لیے اول و آخر درود مدنی ۱۹، ۱۹ مرتبہ اور درمیان میں سورۂ مزمل ۱۰ مرتبہ پڑھ کر ان بچوں کا تصور کر کے دم کریں۔ بچوں کو اکٹھا کرنا لازمی نہیں ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ کے حضور ان کے لیے راہ ہدایت کی دعا مانگے۔

اگر ممکن ہو تو ساتھ ہی پانی پر دم کر کے ان کو کسی نہ کسی طریقے سے پلا دیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۲۵ یوم کے عمل سے نافرمان اولاد ہمیشہ کے لیے تابع فرمان ہو جائے گی اور ان کے درمیان لڑائی جھگڑا بھی ختم ہو جائے گا اور والدین سدا سکھی رہیں گے۔

بربادیٔ دشمن کے لیے

بربادی دشمن کے لیے بروز اتوار سورۂ مزمل ۲۲ بار پڑھ کر مٹی پر دم کر کے دشمن کے گھر میں ڈال دیں۔ وہ دشمن تباہ و برباد ہو جائے گا۔

تباہی دشمن کے لیے

جس دشمن کے ہاتھوں انتہا سے زیادہ تنگ آ چکے ہوں اور وہ ہر وقت مصیبت و ابتلاء کھڑی کرتا رہے تو اس سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لیے ذیل کا عمل مفید ہے۔ اس کے لیے مٹی کی کوری پلیٹ لیں اور اس پر سورۂ مزمل اس طریقے سے لکھیں کہ درمیان میں دشمن اور اس کی ماں کا نام لکھا جائے پھر اس پلیٹ کو اوندھا کر کے آگ میں یا گرم راکھ میں دفن کریں کہ اس پر مسلسل آگ رہے۔ انشاء اللہ بہت جلد وہ دشمن تباہ ہو جائے گا۔ یہ عمل ناجائز طور پر نہ کیا جائے، وگرنہ خود ذمے دار ہو گا۔

دشمن سے حفاظت

جو شخص اپنے دشمن کے شر سے محفوظ رہنا چاہتا ہو تو بروز پیر سورۂ مزمل ۶ بار پڑھ کر دشمن کی جانب اس کا تصور کر کے پھونک مار دیں۔ انشاء اللہ وہ دشمن کی بدی اور شر سے محفوظ ہو جائے گا۔ یہ عمل ۶ دن کرنا لازمی ہے۔

دشمن کو بیمار کرنا

اگر کسی کا دشمن انتہائی ظالم ہو اور اس کے ظلم کی انتہا ہو جائے، جس کی وجہ

سے بے حد نقصان کا سامنا رہتا ہو اور اس کا دشمن اپنے بد ارادے سے باز نہ آتا ہو اور نہ ہی صلح پر آمادہ ہو۔ تو ایسی صورت میں اس کو بیمار کرنے کے لیے کہ وہ اپنی پریشانی میں مبتلا رہے اور اس طرف توجہ نہ دے سکے تو ذیل کا عمل بے حد فائدہ بخش ہے۔ یاد رہے، یہ عمل ناجائز کاموں کے لیے نہ کیا جائے، وگرنہ مستوجب عذاب الٰہی ہو گا۔ اس کے لیے ایک سفید کاغذ لے کر اس پر باوضو حالت میں کالی سیاہی سے چوکور خط کھینچے اور ان خطوں کے درمیان سورۂ مزمل کو لکھے۔ لکھنے کے بعد اس کے نیچے دشمن اور اس کی والدہ کا نام لکھے اور اس کاغذ کو کسی پرانی قبر میں دفن کر دے۔ چند دنوں میں ہی دشمن شدید بیمار ہو جائے گا اور اس کی بیماری کے متعلق کچھ پتہ نہ چل سکے گا کہ کیا بیماری ہے اور کیوں علاج کارگر نہیں ہو رہا۔ وہ اس وقت تک بیمار رہے گا جب تک کہ اس کاغذ کو قبر سے نہ نکالا جائے گا۔

دشمن کو پریشانی میں مبتلا کرنا

جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کا دشمن ہر وقت پریشانی میں مبتلا رہے اور اسے کسی پل بھی چین و سکون میسر نہ ہو تو اتوار کے روز سات پھول لے کر بعد از نماز فجر قبرستان میں جا کر باوضو حالت میں ۱۹ مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھے۔

فَكَيْفَ تَتَّقُوْنَ اِنْ كَفَرْتُمْ يَوْمًا يَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيْبَا نِ السَّمَاءُ مُنْفَطِرٌ بِهٖ كَانَ مَفْعُوْلًا

پڑھنے کے بعد ساتوں پھولوں پر دم کرے اور ایک پھول اپنے پاس رکھے جبکہ تین پھول دشمن کے مکان کی مشرقی سمت اور تین پھول مغربی سمت

ڈال رکھے۔ انشاء اللہ دشمن اس قدر پریشان ہو جائے گا کہ اسے کوئی بات سجھائی نہ دے گی اور اس کی وجہ سے اس کا گھر بھی ویران ہو جائے گا۔ آیت مبارکہ کے ساتھ ایک مرتبہ یہ بھی پڑھ کر دم کرے۔

لَا اِلٰهَ اللهُ مُحَمَّدٌ الرَّسُوْلُ اللهِ قَهَّارٌ جَبَّارٌ وَالسُّلْطَانُ الْمُرْتَضٰى سَتَّارُهٗ بِفِعْلِهٖ

مطلوبہ مقصد میں جلد کامیابی حاصل ہو گی۔

دشمن کی سرکوبی کے لیے

جو کوئی اپنے دشمن کے ہاتھوں سخت پریشان اور ذلیل ہو اور اس کا دشمن اسے نقصان پہنچانے سے کسی طرح باز نہ آتا ہو تو روزانہ بعد از نماز فجر اور نماز عشاء چالیس یوم تک سورۂ مزمل ۴ مرتبہ روزانہ پڑھے اور پھر چالیسویں دن قبرستان میں جائے اور دو پرانی قبروں کے درمیان ننگے سر بیٹھ کر ۴ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر اللہ سے دعا مانگے اور دشمن کے نام کا پرچہ لکھ کر دونوں قبروں کے درمیان دفن کر دے انشاء اللہ دشمن کے شر سے ہمیشہ کے لیے محفوظ و مامون ہو جائے گا اور غیب سے دشمن کی تباہی کے اسباب پیدا ہوں گے۔

دشمنوں کے درمیان جدائی ڈالنا

اگر کسی کے دو یا دو سے زائد دشمن ہوں اور ان کی وجہ سے اس کی زندگی عذاب و مصائب میں گزر رہی ہو تو اس کے لیے گندم کے آٹے کی روٹی پکا کر اس کو گھی سے اچھی طرح تر کریں یا پھر پراٹھا پکائیں اور اس کے اوپر ۴ بار سورۂ

مزمل، بہ نیت ان دشمنوں کے درمیان پھوٹ ڈالنے اور جدائی کے لیے پڑھے اور اس روٹی کے اوپر دم کر کے کسی کتے کے آگے ڈال دے جیسے جیسے کتا یہ روٹی چباتا جائے گا، ان دشمنوں کے درمیان پھوٹ پڑتی جائے گی۔ انشاء اللہ العزیز اس عمل کی بدولت ان سے جان چھوٹ جائے گی۔

دشمن کے شر سے بچاؤ

جو شخص اپنے دشمن کا سامنا کرتے ہوئے گھبراتا ہو اس کے لیے ذیل کا عمل مفید ہے اس عمل کی بدولت دشمن اسے کچھ بھی نہ کہہ پائے گا۔

طریقہ اس کا یہ ہے کہ باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر چینی کی طشتری میں سورۂ مزمل زعفران وگلاب سے لکھ کر اس کو پانی سے دھوئے پھر اس پانی سے اپنا منہ اچھی طرح دھوئے اور سر پر لگائے اور اس کے بعد دشمن کے پاس بحکم ربی جائے، دشمن اس کا کچھ بھی نہ بگاڑ سکے گا۔

برے ہمسائے کے شر سے بچاؤ

اگر کسی کا ہمسایہ شرارت پسند ہو اور اہل محلہ آئے دن اس کی شرارتوں کی وجہ سے تنگ آ گئے ہوں اور وہ باوجود سمجھانے بجھانے کے مزید شرپسندی پر مائل رہتا ہو تو اس کی شرپسندی اور بدزبانی سے محفوظ رہنے کے لیے نماز عصر کی سنت مؤکدہ ادا کرنے کے بعد ۶ مرتبہ سورۂ مزمل اور اول وآخر درود مدنی ۱۵،۱۵ بار پڑھے اور پڑھتے وقت یہ تصور رکھے کہ اللہ تعالیٰ ہمسائے کی زبان بندی فرما رہے ہیں اور اس کا خاتمہ فرما رہے ہیں۔ پھر اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصد کے

حصول کے لیے دعا مانگے۔ انشاء اللہ ۲۱ روز کے بلاناغہ عمل سے اس کے شر سے اہل محلہ کو نجات مل جائے گی اور وہ برائی چھوڑ کر نیکی کی طرف مائل ہو جائے گا۔

حاسدین سے پناہ کے لیے

جس شخص کے حاسدین بے تحاشہ اکٹھے ہو گئے ہوں اور اس وجہ سے اس کو سخت نقصان اٹھانا پڑتا ہو تو اس کے لیے نماز فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان اول وآخر درود مدنی ۱۵،۱۵ مرتبہ سورۂ مزمل ۶ بار پڑھ کر حاسدین کا تصور سامنے لا کر ان پر پھونک مار دے اور ساتھ ہی اشارہ کرے کہ دفع شود، دفع شود، دفع شود، ۶ بار کہے پھر چہار قل (کافرون ۳ بار، اخلاص ۶ بار، فلق ۲ بار، ناس ۷ بار) پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کرے۔ اس عمل سے اکیس روز کے اندر اندر تمام حاسدین کے حسد وبغض سے نجات ہمیشہ کے لیے مل جائے گی۔

زبان بندی بدخواہان

حاسدین اور بدخواہوں کی زبان بندی کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔ اس مقصد کے لیے ہر روز بعد از نماز فجر سورۂ مزمل اس طرح تلاوت کرے کہ جب لفظ وَذَرْنِی پر پہنچے تو یوں کہے "اے اللہ! میں اپنے تمام حاسدین اور دشمنوں کو تیرے حوالے کرتا ہوں، مجھے ان سے نجات دے پھر بقیہ سورۂ مزمل ۹ بار پڑھے، اس عمل کی بدولت ایسے دشمنوں اور حاسدوں کے حسد اور شر سے سارا دن محفوظ و مامون رہے گا۔ روزانہ اس کی تلاوت سے حاسدین اور دشمنان کی ہمیشہ کے لیے زبان بندی ہو جائے گی۔

دشمن سے بدلہ لینا

دشمن سے بدلہ لینے کے لیے ذیل کا عمل تریاق کا اثر رکھتا ہے۔ لیکن ناجائز کام کی صورت میں مستوجب عذاب الٰہی ہوگا۔ کسی پرانی قبر سے ایک مٹھی خاک لائے اور اس پر ۲ بار سورۂ مزمل بہ تصور دشمن پڑھ کر دم کریں اور اس خاک کو دشمن کے گھر میں ڈال دے۔ بفضل باری تعالیٰ اس کا سارا گھر تباہ ہو جائے گا۔

بربادیٔ دشمن

جو کوئی اپنے دشمنوں کے ظلم و ستم سے تنگ آ گیا ہو اور نجات کی کوئی راہ نظر نہ آتی ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل مفید ہے۔ لیکن ناجائز نہ کرے۔ وگرنہ خود ذمہ دار ہوگا۔ چالیس یوم تک بلاناغہ مقررہ وقت کے ساتھ قبرستان میں دو پرانی قبروں کے درمیان بیٹھ کر برہنہ سر ۴ بار سورۂ مزمل اس نیت و ارادہ کے ساتھ پڑھے کہ میرا دشمن تباہ ہو جائے تو اس عمل کی بدولت دشمن مکمل تباہی سے دوچار ہو جائیں گے اور اس کا پیچھا ہمیشہ کے لیے چھوڑ دیں گے۔

معزولِ دشمن کے لیے

جو کوئی ظالم دشمن کی قید میں ہو اور رہائی کی کوئی امید نظر نہ آتی ہو تو اس کے لیے جمعہ کے دن بعد از نماز فجر برہنہ سر بلا تسمیہ و درود پاک کے سورۂ مزمل کو بہ نیت معزولی دشمن ۱۹ بار پڑھ کر اللہ کے حضور دعا مانگے انشاء اللہ تین جمعہ کے عمل سے وہ دشمن معزول ہوگا اور برباد ہوگا۔

ہلاکت ظالم دشمن

اگر کسی کا دشمن بے انتہا ظالم جابر ہو اور اس نے ناک میں دم کر رکھا ہو تو ایسی حالت میں اس کی ہلاکت کے لیے ذیل کا عمل پراثر ہے۔ مگر باور رہے کہ ناجائز نہ کرے وگرنہ عقوبت الٰہی کا خود ذمہ دار ہوگا۔

اس کے لیے بروز اتوار جنگل میں جا کر زیر درخت جھاؤ چھری سے ایک خط چاروں طرف کھینچے اور اس کے درمیان بیٹھ کر اول درود مدنی ۱۳ بار اور پھر ۴ بار سورۂ مزمل بمعہ بسم اللہ کے پڑھے اور درمیان پڑھنے کے اپنے دشمن کی ہلاکت کے تصور بطور مردہ رکھے۔ انشاء اللہ گیارہ روز کے عمل کے دوران دشمن ہلاک ہو جائے گا اور اس کے ظلم و ستم سے مکمل نجات مل جائے گی۔

ظالم دشمن سے نجات

جس کسی کا واسطہ ظالم دشمن سے پڑ گیا ہو اور اس سے چھٹکارا ممکن نہ ہو تو ذیل کا عمل مجرب و مفید ہے۔

اس مقصد کے لیے ذیل کی آیت مبارکہ کو کسی سفید کاغذ پر ۱۲ بار زعفران و گلاب سے لکھے اور پھر اس پر اسی آیت کا ۲۱ مرتبہ ورد کر کے دم کر لے اور اس کاغذ کو کسی پرانی قبر میں جا کر دفن کر دیں۔ چند دنوں میں ہی بفضل تعالیٰ ظالم دشمن سے چھٹکارا مل جائے گا۔ یہ عمل بروز اتوار بعد نماز فجر طلوع آفتاب سے پہلے پہلے کرنا ضروری ہے۔ آیت یہ ہے۔

اِنَّا سَنُلْقِیْ عَلَیْکَ قَوْلاً ثَقِیْلاً (سورۃ مزمل ۷۳۔ آیت ۵)

ظالم افسر سے نجات کے لیے

اگر کسی مقام پر ظالم افسر تعینات ہو گیا ہو اور اس کے ظلم وستم سے کوئی شخص بھی محفوظ نہ رہے اور اس کے خلاف آواز اٹھانا اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنا ہو اور اس کے خوف سے ہر شخص لرزاں وخائف رہتا ہو تو اس کے لیے بعد از نماز جمعہ خشوع وخضوع کے ساتھ ۱۶ مرتبہ سورۂ مزمل بمعہ بسم اللہ پڑھ کر سرسوں کے دانوں پر دم کریں اور ان دانوں کو آگ میں ڈال دیں۔

آگ میں ڈالتے وقت یہ الفاظ کہیں۔ یا الٰہی بحرمت اس سورہ الشریفہ فلاں بن فلاں سے نجات عطا فرما۔ فلاں بن فلاں کی جگہ اس افسر کا نام بمعہ اس کی ماں کا نام لے لیں۔ اگر ماں کا نام نہ معلوم ہو تو اس کا نام بن حوا کہیں۔ انشاء اللہ وہ ظالم عذاب الٰہی میں مبتلا ہو کر ہلاک ہو جائے اور اس کے شر اور ظلم سے مکمل نجات حاصل ہو جائے گی۔

جدائی کے لیے

اگر کسی کے درمیان جدائی مقصود ہو تو کسی میٹھی شے پر سورۂ مزمل ۱۳ بار پڑھ کر اپنے مقصود کی خاطر ان کے نام اور ان کی ماؤں کے نام لے کر دم کرے اور اس مٹھائی کو ان دونوں کو کھلا دیں۔ انشاء اللہ ان کے مابین جدائی ہو جائے گی۔

عداوت کے لیے

اگر دو فریقوں کے درمیان عداوت ڈالنی ہو جو حد سے زیادہ تنگ کرتے

ہوں تو ایسی صورت میں ذیل کا عمل کرنا چاہیے، لیکن ناجائز عمل کرنے سے مستوجب عذاب خداوندی کا ذمہ دار خود ہوگا۔

اس کے لیے دو روٹی یا پراٹھے لے کر ان پر سورۂ مزمل کالی سیاہی سے لکھ کر درمیان میں دونوں فریقوں کا نام مع ان کی ماؤں کا نام لکھے۔ بعدہ اس روٹی کو سیاہ کتے کو کھلا دیں۔ قیامت تک ان کے درمیان عداوت ودشمنی رہے گی اور صلح نہیں ہوگی۔

سخت مہم میں کامیابی کے لیے

جس کسی کو سخت مہم کا سامنا ہو تو اس مہم پر جانے سے قبل ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔ اس مقصد کے لیے مکئی کا آٹا لے کر باوضو حالت میں اسے گوندھیں اور اس میں شکر اچھی طرح ملائیں اور اس کی تین عدد روٹیاں پکائیں۔ روٹیاں پکانے کے بعد ہر ایک روٹی پر قبلہ رخ بیٹھ کر سورۂ مزمل ۶،۶،۶ بار پڑھیں۔ پھر سونے سے قبل ایک روٹی بسم اللہ پڑھ کر اور اپنے مقصد کو مدنظر رکھتے ہوئے کھا لیں۔ پھر جب اس مقام پر پہنچیں جہاں مہم درپیش ہے تو پھر دوسری روٹی بھی اسی طرح کھا لے پھر تھوڑی دیر وقفہ دے کر اور تیسری روٹی کھانے سے پہلے تازہ وضو کرے اور اس پر ۶ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر دم کرے۔ اول وآخر درود شریف مدنی ۱۵،۱۵ مرتبہ بھی پڑھے۔

انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے اس مہم میں حسب منشاء کام ہونے سے فتح وکامرانی حاصل ہوگی اور کوئی بھی مشکل سرراہ نہ بنے گی۔

کھیل کے میدان میں کامیابی اور فتح

جو کوئی بھی یہ چاہے کہ کھیل کے میدان میں وہ کامیاب و کامران ہو تو اس کے لیے لازم ہے کہ ذیل کا عمل کرے۔

اس مقصد کے لیے بعد از نماز فجر عاجزی و انکساری کے ساتھ ۸ مرتبہ سورۃ مزمل، اول و آخر درود مدنی ۸ بار اور اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگ کر میدان میں جانے کی تیاری کرے۔ کھیل کے میدان میں جانے سے قبل ذیل کی دعا ۲۰ بار پڑھ کر آسمان کی طرف پھونک مارے اور پھر کھیل کے میدان میں قدم رکھے۔ انشاء اللہ اس عمل سے اسے کھیل کے میدان میں فتح و کامرانی نصیب ہو گی۔ دعا یہ ہے۔

یَا قَاضِی الْحَاجَاتِ یَا کَافِی الْمُهِمَّاتِ یَا رَافِعَ الدَّرَجَاتِ یَا دَافِعَ الْبَلِیَّاتِ یَا فَاتِحَ الْاَبْوَابِ یَا شَافِی الْاَمْرَاضِ یَا حَلَّ الْمُشْکِلَاتِ یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ یَا مُجِیْبَ الدَّعْوَاتِ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ. (آمین)

پریشانی کا حل

اگر کسی کو ایسی پریشانی لاحق ہو گئی ہو جو کسی بھی طرح حل نہ ہوتی ہو تو ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس مقصد کے لیے بروز منگل باوضو حالت میں ۲۵ مرتبہ سورۃ مزمل اور اول و آخر درود الصوفی ۱۲،۱۲ بار پڑھ کر سجدہ میں گر کر اللہ تعالیٰ کے حضور آہ وزاری

کے ساتھ دعا مانگے۔ انشاء اللہ وہ مشکل سات یوم کے اندر اندر حل ہو جائے گی۔

حاجات کا اکسیر عمل

حاجات خواہ کیسی ہی کیوں نہ ہوں اور کیسی ہی مشکلات کا سامنا کیوں نہ ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل اکسیر اعظم کا حکم رکھتا ہے۔

اس مقصد کے لیے بعد نماز تہجد یا عشاء کھڑے ہو کر اول درود مدنی ۱۵ بار پڑھیں۔ اس کے بعد سورۃ مزمل کو اس طرح شروع کریں کہ جب لفظ مُکَذِّبِیْنَ اور لفظ مَعَکَ پر پہنچیں تو ۵، ۵ بار اذان کہیں، پھر بقیہ سورۃ مزمل شریف کو مکمل کر کے پھر دوبارہ اسی طریقے سے شروع کرے، حتیٰ کہ تعداد ۲۱ مرتبہ ہو جائے۔ ۲۱ مرتبہ کے ورد کے بعد ۱۵ بار پھر درود مدنی پڑھے اور اپنی حاجت کی دعا اللہ تعالیٰ کے حضور کرے۔ چالیس روز کے اس عمل سے خواہ کیسی ہی حاجت کیوں نہ ہو، بفضل باری تعالیٰ پوری ہو جائے گی۔

حاجت امور دینی و دنیاوی

دین اور دنیا کی تمام حاجات اور امور کی درستگی اور بروقت ہونے کے لیے یہ عمل مفید ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ ہر روز بعد نماز فجر سورۃ مزمل کو اس طرح شروع کرے یَاۤ اَیُّهَا الْمُزَّمِّلُ سات بار پڑھے پھر اور آگے آیت یَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ کو ۸ بار پڑھے جب سورۃ مکمل پڑھ چکے تو اس آیت مبارکہ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ کو ۸ بار پڑھ کر ۱۵ بار یَا غَنِیُّ اور ۲۳ بار یَا مُنْعِمُ پڑھ کر دعا اللہ تعالیٰ کے حضور گڑگڑا کر کرے روزانہ اسی طرح ورد

رکھنے سے اس کی دین و دنیا کی تمام حاجات خزانہ غیب سے پوری ہوں گی اور دن بدن ہر معاملے میں ترقی بھی ہوتی جائے گی۔ اس عمل میں ناغہ بالکل نہ کرے، مجرب ہے۔

حاجت براری معہ زکوٰۃ

جب کسی کو کوئی بھی دین و دنیا کی حاجت درپیش ہو تو ذیل کا عمل کرنے سے قبل ترک حیوانات جلالی و جمالی کرے، پھر روزہ رکھے اور بروز جمعرات، جمعہ یا پیر کی صبح کو بعد از نماز اشراق تازہ غسل کرے اور دو رکعت نماز نفل پڑھ کر یہ ثواب رسول مقبول ﷺ کو پیش کرے پھر یکسوئی کے ساتھ بلا کسی سے بات چیت کیے، سورۃ مزمل ۶ بار پڑھے، پھر دس روز تک ۶ بار سورۃ مزمل کی مداومت جاری رکھتے ہوئے پھر ہر روز ۶ بار سورۃ مزمل کا ورد جاری رکھے۔ اس عمل سے اس کی زکوٰۃ بھی ادا ہو جائے گی اور حاجت بھی پوری ہو جائے گی۔ اکیس روز کے بعد، بعد از نماز فجر ہمیشہ کے لیے ایک بار پڑھا کرے تاکہ زکوٰۃ کا عمل ٹوٹ نہ جائے۔

حاجت روائی

اگر کسی کو انتہائی سخت قسم کی حاجت درپیش ہو اور اس کے پورا ہونے کی کوئی سبیل نظر نہ آتی ہو تو ایسے میں بعد نماز فجر یا نماز عشاء کوئی سا بھی وقت مقرر کر کے ذیل کا عمل کرنا بے انتہا مفید ثابت ہوا ہے۔

اس کے لیے ۲۱ یوم تک بلا ناغہ وقت مقررہ پر بعد از غسل پاک صاف

لباس پہن کر باوضو حالت میں سورۃ مزمل کا عمل اس طرح شروع کرے کہ پہلے ۱۵ مرتبہ درود مدنی پڑھے، پھر تین مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر، ۹ مرتبہ پڑھے اَسۡتَغۡفِرُ اللهَ رَبِّیۡ مِنۡ کُلِّ ذَنۡبٍ وَّاَتُوۡبُ اِلَیۡہِ. پھر سورہ مزمل شروع کرے اور جب آیت مبارکہ رَبُّ الۡمَشۡرِقِ وَالۡمَغۡرِبِ پر پہنچے تو اس پوری آیت کی تکرار ۴۱ بار کرے۔ پھر اسی آیت کے ساتھ لفظ یا ملا کر تین بار تکرار کرے۔

جب آیت وَاللهُ یُقَدِّرُ الَّیۡلَ وَالنَّهَارَ پر پہنچے تو اس کو ۶ بار پڑھ کر یَامَنۡ یُقَدِّرُ الَّیۡلُ وَالنَّهَارُ قَدِّرْنِیْ قَضَاءَ حَاجَاتِیۡ اِنَّکَ قَادِرٌ وَاَنۡتَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ ۶ بار کہے۔ جب آیت یَبۡتَغُوۡنَ مِنۡ فَضۡلِ اللهِ پر پہنچے تو اس کو بھی ۶ بار پڑھ کر اَللّٰهُمَّ مِنۡ فَضۡلِکَ ابۡتَغَیۡتُ وَمِنۡ فَضۡلِکَ اَرۡجُوۡا اَفۡکَدۡ سَنۡخَنۡبِیۡ یَا ذُو الۡفَضۡلِ الۡعَظِیۡمِ ۶ بار پڑھ کر سورۃ کو ختم کرے۔ آخری آیت اَسۡتَغۡفِرُ اللهَ اِنَّ اللهَ غَفُوۡرٌ الرَّحِیۡمٌ کو ۶ بار پڑھنے کے بعد اَسۡتَغۡفِرُ اللهَ الَّذِیۡ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ وَاَتُوۡبُ اِلَیۡهِ ۶ بار پڑھ کر ۶ بار دعا مانگے۔

حل المشکلات

خواہ کیسی ہی مشکل دینی یا دنیاوی درپیش ہو۔ ایسی صورت میں ذیل کا عمل کرنے سے وہ مشکل بفضل باری تعالیٰ دور ہو جائے گی اور اس کا حل بہت آسان ہو جائے گا۔ اس کے لیے کوئی ایک وقت مقرر کر کے چالیس روز تک بلا ناغہ ہر روز ۲۵ بار سورۃ مزمل معہ اول و آخر درود الصوفی ۱۲،۱۲ مرتبہ پڑھا کرے۔ دوران تلاوت سورۃ مذکور اپنے مطلب کا دھیان رکھے۔ انشاء اللہ العزیز چلہ کے

اندر اندر مشکل حل ہو جائے گی۔ تیزی عمل کے لیے اگر اس کا ورد برہنہ سر کھڑے ہو کر کرے تو زیادہ بہتر ہوگا۔

غنائے قلب کا عمل

اس کے لیے لازم ہے کہ صبح کو نماز کی پابندی اختیار کرے اور بعد از نماز فجر قبلہ رخ بیٹھ کر پہلے درود مدنی ۱۵ بار پڑھے، اس کے بعد ۶ بار سورۂ مزمل کی تلاوت کرے، پھر ۱۵ بار درود مدنی پڑھے۔ اگر دوران تلاوت کسی سے بات کرنے کی ضرورت پیش آئے تو ۶ بار درود مدنی پڑھ کر بات کرے اور ۶ بار درود مدنی پڑھ کر آگے سورۂ مزمل کو شروع کرے اور تعداد بقیہ کو پورا کرے۔ اس میں کبھی بھی ناغہ نہ کرے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے چند یوم کے اندر اندر اس عمل میں ایسی برکت پیدا ہوگی کہ بیان سے باہر ہے۔ اس کے تمام دشمن مقہور ہو جائیں گے اور جو کوئی بھی اس عامل کو ستانے کا ارادہ کرے گا خود ہی مشکل اور مصیبت میں مبتلا ہوگا اور اس کی تمام ضرورتیں اللہ تعالیٰ خزانہ غیب سے پوری فرما دیں گے اور لازوال غنائے قلب حاصل ہوگا۔

فلاح دارین کا عمل

نئے چاند میں چھ دن متواتر ہر قسم کے ترک حیوانات کرے اور روزہ کھجور سے ہی رکھے اور اسی سے ہی افطار کرے۔ پھر روزانہ پانی میں کھڑا ہو کر یا بیٹھ کر یا اگر پانی کا سامان نہ ہو تو بغیر پانی کے کھڑا ہو کر اور اگر کھڑا ہونے سے معذور ہے تو بیٹھ کر ایک دن یا چند روز میں سورۂ مزمل کو ۱۰ بار تلاوت اس طرح کرے کہ

شروع میں اور آخر میں درود مدنی ۱۹ بار پڑھے۔ اثنائے تلاوت میں کسی سے کوئی بات نہ کرے، جتنے دن میں عمل پورا کرے، اتنے دن کے لیے ہر قسم کے ترک حیوانات رکھے اور روزہ سے رہے اور پھر جب مذکورہ تعداد پوری ہو جائے تو اس کے بعد ایک تعداد روزانہ پڑھنے کے لیے مقرر کر لے تاکہ اس کی مداومت روزانہ ہو سکے۔ انشاء اللہ تعالیٰ العزیز چند یوم میں ہی عجیب تاثیرات کا مظاہرہ کرے گا۔

قضائے حاجات

انسان کی ایسی حاجت جو کسی طرح پوری ہوتی نظر نہ آتی ہو اور اس کی وجہ سے بے حد پریشانی لاحق رہتی ہو تو اس کے حل کے لیے نئے چاند کی شب جمعہ کو بعد از نماز عشاء تمام امور دنیاوی سے فارغ ہو کر کسی تنہائی والی محفوظ جگہ پر مصلا بچھا کر نہایت توجہ سے اس عمل کو شروع کرے۔ عمل سے پہلے غسل کرے اور پاک صاف کپڑے پہن کر وضو کر کے مصلے پر کھڑے ہو کر دو رکعت نماز پڑھے، پھر سلام پھیرے اور اس کا ثواب حضور کریم ﷺ اور حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشت کی بارگاہ اقدس میں بطور ہدیہ پیش کرے۔ پھر قبلہ رخ دو زانو یا چہار زانو بیٹھ کر سر پر سے ٹوپی اتار دے اور اپنے سامنے رکھ لے اور اس کے بعد درود الصوفی ۱۰ بار پڑھے، پھر ۵ بار سورۂ مزمل پڑھے، ۱۰ بار درود الصوفی پڑھے، پھر سب سے پہلے دعا ترقی دین کرے اس کے بعد حضوری قلب سے اپنی حاجت کی دعا کرے۔ بعد از دعا اسی جگہ مصلے پر سو رہے۔

اس طریقے سے ۱۱ یوم بلاناغہ یہ عمل کرے۔ ۱۱ یوم کے اندر اندر اس کی حاجت بفضل باری تعالیٰ پوری ہوگی۔ سردیوں میں سوتے وقت اوپر ہلکی رضائی لے سکتا ہے۔

قضائے حاجت

جو کوئی کسی سخت مشکل میں گرفتار ہو اور اس مشکل سے چھٹکارا نظر نہ آتا ہو اور درماندہ و مضطرب رہتا ہو، اس کو چاہیے کہ وہ نصف شب کو بیدار ہو کر باوضو حالت میں دو رکعت نماز نفل تحیتہ الوضو پڑھے اور پھر اول و آخر درود الصوفی ۱۰،۱۰ بار پڑھ کر، ۵ بار مرتبہ سورۃ مزمل پڑھے اور بعد میں اللہ کے حضور اپنی حاجت روائی کے لیے دست دعا ہو۔ انشاء اللہ چند یوم میں مشکل آسان ہو جائے گی۔

قضائے حاجت

قضائے حاجت کے لیے ذیل کا عمل جمعہ کی شب کو آدھی رات کے بعد اٹھ کر پہلے غسل کرے، اس کے بعد صاف پاک لباس پہن کر اسے عطر لگائے اور پھر قرآن شریف ہاتھ میں لے کر کسی صاحب مزار کے سرہانے جا کر کھڑا ہو، پہلے ۱۰ بار درود الصوفی پڑھے، اس کے بعد ۵ بار سورۃ مزمل پڑھے، لیکن ہر بار سورۃ کو شروع کرنے سے پہلے بسم اللہ لازماً پڑھے، اس کے بعد ۱۰ بار درود الصوفی پڑھ کر اپنی حاجت باری تعالیٰ کے حضور پیش کرے۔ سات روز تک متواتر یہ عمل جاری رکھے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے سات یوم کے اندر مطلوبہ حاجت پوری ہو جائے گی۔

قضائے حاجت کا عمل

قضائے حاجت کے لئے ذیل کا عمل بھی بے حد مفید ہے۔ اس کے لیے دن رات میں ماسوائے زوال کے کوئی سا بھی وقت مقرر کر لیا جائے اور کسی پاک صاف جگہ پر یا مسجد میں گوشۂ تنہائی میں بیٹھ کر پہلے ۱۰ بار درود الصوفی پڑھ کر ۵ بار آیت مبارکہ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیٓ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ پڑھے۔ اس کے بعد ۵ بار سورۃ مزمل پڑھے اور آخر میں ۱۰ بار درود الصوفی پڑھ کر اپنی حاجت کے لیے دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۱۱ یوم کے بلاناغہ عمل سے وہ حاجت خواہ کیسی ہی کیوں نہ ہو، پوری ہو جائے گی۔

مشکل کشائی کا عمل

کیسی ہی سخت مشکل کیوں نہ درپیش ہو جو حل نہ ہوتی ہو اور ہر دنیاوی تدبیر ناکام ہوگئی ہو تو نئے چاند کے پہلے جمعہ کی شب عشاء کے بعد ۱۲ مرتبہ سورۃ مزمل، اول و آخر درود مدنی ۲۱، ۲۱ بار پڑھے۔ اس کے بعد اس کا ثواب حضور رسول اکرم ﷺ کی بارگاہ میں تحفتاً ہدیتاً پیش کرے۔ اس کے بعد دو رکعت نماز نفل بہ نیت حل المشکلات اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد ۳ مرتبہ سورۃ مزمل پڑھے۔ پھر سلام پھیر کر اپنے مقصد کے لیے بارگاہ خداوندی میں عاجزی و انکساری سے دعا مانگے۔ سات جمعہ کی شب تک اس عمل کو بلاناغہ کرنے سے انشاء اللہ کیسی ہی مشکل کیوں نہ ہو، وہ حل ہو جائے گی اور اس سے چھٹکارا حاصل ہو جائے گا۔

حاجت براری

اس کے لیے بروز منگل بعد از نماز فجر اول و آخر درود مدنی ۱۲،۱۲ بار اور سورۃ مزمل ۱۲ بار پڑھ کر اپنی حاجت اللہ تعالیٰ سے مانگے، انکساری و عاجزی کے ساتھ کیا گیا، یہ عمل رائیگاں نہ جائے گا اور چند یوم میں مطلوبہ حاجت پوری ہو جائے گی۔ یہ عمل تا حصول حاجت روزانہ جاری رکھا جائے۔

ہر قسم کے مصائب سے نجات کے لیے

شدید مصیبت یا ابتلاء سے نجات کے لیے ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس کے لیے ایک سفید کاغذ پر لفظ قارون لکھے اور ایک کاغذ پر لفظ فرعون لکھے اور تیسرے کاغذ پر لفظ ابلیس لکھے۔ ان تینوں کاغذوں کو کسی بڑے برتن میں رکھ کر اوپر تین لیٹر پانی ڈالے اور اس برتن کو چولہے پر رکھ دے اور اس پر ۱۳ مرتبہ آیت اِنَّآ اَرْسَلْنَا سے فِرْعَوْنَ رَسُوْلاً (سورۃ مزمل ۷۳۔ آیت ۱۵) تک پڑھے اور دم کرے۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت اس مصیبت و ابتلاء سے نجات مل جائے گی۔

ہر مشکل کا مفید عمل

اس کے لیے اکل حلال اختیار کریں۔ حسب توفیق صدقہ و خیرات دیں۔ پھر بعد از نماز عشاء اول و آخر درود الصوفی ۱۶،۱۶ مرتبہ اور سورۃ مزمل ۱۱ بار پڑھ کر ذیل کی دعا مانگیں۔ انشاء اللہ اس عمل سے وہ مشکل حل ہو جائے گی۔ کم از کم اکیس روز تک بلا ناغہ دعا کریں۔ دعا یہ ہے:

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. یَااَللّٰہُ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ یَااَللّٰہُ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ یَااَللّٰہُ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ یَااَللّٰہُ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ یَااَللّٰہُ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ یَااَللّٰہُ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ یَااَللّٰہُ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ. ۹ بار پڑھے اور پھر اپنے مقصد کے لیے دعا مانگے۔

مشکل کا حل

جو کوئی اس بات کا خواہش مند ہو کہ اس کی نا قابل حل مشکل آسان ہو جائے اور اس سے چھٹکارا مل جائے تو اس کے لیے وہ بعد از نماز فجر ۲ بار سورۃ مزمل پڑھے، پھر نماز ظہر کے بعد ۲ بار، نماز عصر کے بعد ۲ بار، نماز مغرب کے بعد ۲ بار اور نماز عشاء کے بعد گیارہ بار سورۃ مزمل پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے عاجزی و انکساری کے ساتھ دعا مانگے۔ انشاء اللہ اس کی مشکل سہل اور آسان تر ہو جائے گی۔ اگر اس عمل کو روزانہ کا معمول بنا لے تو کبھی کسی بھی مشکل سے دوچار نہ ہو۔

جائز مقصد کے لئے

ہر جائز مقصد کے حصول کے لیے ذیل کا عمل مفید ہے۔ رات کو بارہ بجے اٹھے، غسل کرے پھر پاک صاف لباس پہن کر بارہ رکعت نماز نفل تہجد پڑھے، اس کے بعد ۱۱ مرتبہ سورۃ مزمل معہ اول و آخر درود الصوفی ۱۶،۱۶ بار پڑھے۔ انشاء اللہ چالیس روز کے عمل سے اس کا ہر مقصد پورا ہو گا۔ اس عمل کی برکات کو جاری رکھنے کے لیے روزانہ ۲ مرتبہ سورۃ مزمل معہ اول و آخر درود الصوفی ۱۶،۱۶ مرتبہ پڑھنا جاری رکھے۔

مہم جوئی کے لیے

اگر کسی کو کسی بھی قسم کی سخت مہم درپیش ہو اور اس میں کامیابی و کامرانی کا خواہش مند ہو تو اس مقصد کے لیے سورۂ مزمل باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر شروع کرے اور آیت رَبُّ الْمَشْرِقِ تا وَكِيلًا تک پڑھنے کے بعد حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ۸ مرتبہ پڑھے۔ پھر آیت اَسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ تا غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ تک کی ۱۵ بار تکرار کرے، پھر بقیہ سورۂ مزمل مکمل کرے۔ اس طرح سورۂ مزمل کو ۶ بار پڑھ کر یَامُغْنِیُ یَامُعْطِیُ کا ۳۲ بار ورد کرے۔ اول و آخر درود مدنی ۱۵، ۱۵ بار پڑھے اور پھر سجدہ میں جا کر اپنی مہم کی کامیابی کے لیے بارگاہ الٰہی میں دعا کرے۔ انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے مطلوبہ مہم میں فتح و کامرانی ملے گی۔ یہ عمل بعد از نماز عشاء سات روز تک بلاناغہ مسلسل کرے۔

امتحان میں کامیابی

امتحان کے دنوں میں نصف شب کے بعد باوضو حالت میں سورۂ مزمل کی آیت ذیل کا ورد ۲۶ بار اول و آخر درود مدنی ۱۵، ۱۵ بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کیا کرے اور اس آیت کو سفید کاغذ پر نقش کی صورت میں لکھ کر اپنے سیدھے بازو پر موم جامہ کر کے پہن لے یہ عمل اتنے روز کرنا ہے جتنے دن امتحانات کے لیے پرچہ کرنے جانا ہے۔

امتحان میں کامیابی کے بعد اس نقش کو اتار کر دریا میں بہا دیں اور حسب توفیق شیرینی بچوں میں تقسیم کر دیں اور شکرانے کے دو نوافل بھی ادا کریں۔

آیت یہ ہے: عَلِمَ اَنْ تُحْصُوْهُ سے مِنَ الْقُرْاٰنِ تک۔

(سورۂ مزمل ۷۳۔ آیت ۲۰)

رزق میں ترقی

جو کوئی اس بات کی خواہش رکھتا ہے کہ اس کے کاروبار میں دن بدن ترقی ہو تو اس کے لیے نئے چاند کے پہلے منگل کے دن سورج نکلتے وقت یہ عمل شروع کرے۔ پہلے ۱۲ بار درود مدنی پڑھے، پھر ۳ بار سورۂ مزمل پڑھے۔ اس کے بعد ۱۲ بار درود مدنی پڑھے لیکن عمل شروع کرنے سے پہلے یہ دعا تین بار مانگے۔ یَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ یَامُفَتِّحُ فَتِّحْ یَاسَهْلُ سَهِّلْ یَامُیَسِّرُ یَسِّرْ یَا مُسَخِّرُ یَامُتَمِّمُ تَمِّمْ اس کے بعد سورۂ مزمل کو شروع کرے اور جب لفظ تَرْتِیْلًا پر پہنچے تو اس آیت مبارکہ وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰهَ یَجْعَلْ سے لے کر قَدْرًا (سورۃ الطلاق ۶۸۔ آیت ۲ تا ۳) تک کو ۲۲ بار پڑھے اور ساتھ ساتھ اپنی حاجت کی التجا بھی کرے۔ ۹ روز کے عمل سے بفضل باری تعالیٰ متعلقہ حاجت پوری ہو جائے گی۔

ترقی رزق

جس کسی کو رزق میں کمی یا کاروباری مندی کا سامنا رہتا ہو تو نئے چاند کے پہلے منگل کو عمل شروع کرے۔ کوئی محفوظ اور تنہائی والی جگہ پر جہاں کسی کی مداخلت کا امکان نہ ہو، دو رکعت نماز نفل بہ نیت ترقی رزق ادا کرے اور ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ۴۹ بار یہ آیت پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا بِقَبُوْلٍ حَسَنٍ وَّاَنْبَتَهَا

نُبَاتاً حَسَناً وَّ کَفَّلَهَا زَکَرِیَّا. کُلَّمَا دَخَلَ عَلَیْهَا زَکَرِیَّا الْمِحْرَابَ
وَجَدَ عِنْدَهَا رِزْقاً .

(سورۃ آل عمران ۳۔آیت ۳۷) پھر نماز کے بعد ۲۲ مرتبہ یہ آیت پڑھے۔
وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰهَ یَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجاً وَّیَرْزُقْهُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ
وَمَنْ یَّتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰهِ فَهُوَا حَسْبُه" اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ
لِکُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا. (سورۃ الطلاق ۶۵۔آیت ۲ تا ۳) پھر ۳ بار سورۃ مزمل
پڑھے اور سجدے میں سر رکھ کر یاواسع ۳۰ بار پڑھے اور اپنے رزق کے لیے دعا
مانگے۔اس کے بعد ہر روز اسی آیت مذکورہ کا ورد ۲۲ بار تنہائی میں پڑھ کر لیا
کرے۔اس سے رزق میں بے حد اضافہ ہوجائے گا اور کاروباری مندی ہمیشہ
کے لیے ختم ہوجائے گی۔

رزق میں روز بروز ترقی

جو کوئی تنگی معاش سے پریشان ہو اور کاروبار میں مندی کا سامنا رہتا ہو تو
اس کے لیے ذیل کا عمل مفید ہے۔

روزانہ صبح کی نماز کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان اور اگر کسی وجہ سے یہ
ممکن نہ ہو تو طلوع آفتاب کے بعد ایک وقت مقرر کر کے اول درود الصوفی ۳ بار
پھر سورۃ مزمل ۱۲ بار اور اس کے بعد ۲۰ بار "یامغنی" پڑھے بعدہ ۳ بار درود مدنی
پڑھ کر اللہ کے حضور دعا مانگے پھر ہر نماز کے بعد اول و آخر درود شریف تین تین
بار سورۃ مزمل کا ورد رکھے اور دعا مانگے۔انشاءاللہ چند یوم میں ہی کایا پلٹ شروع

ہوجائے گی اور رزق میں دن بدن ترقی ہونے سے تنگی معاش کی شکایت ختم ہو
جائے گی۔

فتوحات رزق

اس کے لیے نوچندی جمعرات یا بدھ کو تازہ غسل کرے اور پاک صاف
لباس پہنے، خوشبو لگائے، پھر کوئی ایک جگہ مقرر کرے اور وہاں بعد از مغرب اول
۱۲ بار درود مدنی پڑھے پھر ۱۲ بار سورۃ مزمل پڑھے۔بعد میں ۱۲ بار درود مدنی پڑھے
اور نماز عشاء اسی جگہ پڑھ کر مصلے پر سو رہے۔صبح کو اٹھ کر بغیر کوئی کام کرنے یا
کسی سے بھی کلام کرنے کے ۳ بار سورۃ مزمل کو پڑھے پھر کھڑے ہو کر اپنے
کاروبار میں مشغول ہوجائیں اور سارا دن اپنے آپ کو اپنے کاروبار میں مشغول
رکھے۔اس طریقے سے ۲۷ روز تک یہ عمل جاری رکھے۔۲۷ روز کے بعد روزانہ
صبح کو بعد از نماز فجر سورۃ مزمل کو ۱۲ بار پڑھ کر دعا مانگا کرے، کبھی ناغہ نہ کرے
ورنہ فتوحات رزق میں کمی ہوجائے گی۔اس عمل سے نظارہ الٰہی خود ہوجائے گا
اور رزق میں بے پناہ اضافہ ہوگا۔

کشائش رزق

کشائش رزق کے لیے ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس کے لیے ہر روز بعد نماز عشاء درود مدنی ۱۲ بار، پھر سورۃ مزمل ۱۲ بار اس
طرح پڑھے کہ جب لفظ وَکِیْلاً پر پہنچے تو ۵ بار آیت کریمہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ
الْوَکِیْلُ پڑھ کر سورۃ کو مکمل کرے،اس کے بعد درود مدنی ۱۲ بار پڑھے۔روزانہ

اس کی مداومت سے دن بدن رزق میں ترقی ہوتی جائے گی اور کسی بھی قسم کی پریشانی لاحق نہ رہے گی۔

کشائش رزق کا عمل

کشائش رزق کے لیے ذیل کا عمل تاثیر کا حامل ہے۔ اس عمل کو انتہائی خلوص نیت سے شروع کرنا چاہیے۔ انشاء اللہ العزیز چالیس یوم کے اندر اندر اس کے ثمرات سے استفادہ شروع ہوجائے گا۔ جن کی گنتی شمار سے باہر ہے۔

طریقہ عمل یہ ہے کہ کوئی ایک وقت ماسوائے وقت زوال مقرر کرلیں۔ اول وآخر درود شریف اکیس اکیس بار پڑھ کر، پھر سورۂ مزمل کو شروع کرے شروع کرتے وقت بسم اللہ پڑھ کر تین بار یَاَیُّھَا الْمُزَمِّلُ رِزْنِی مُلْطَفِکِ الْغَیْرِش بِحُرْمَتِ حَضْرَتِ مُحَمَّدٌ" رَسُوْلُ اللهِ ﷺ پڑھ کر سورہ کو شروع کرے اور جب فِرْعَوْنَ رَسُوْلاً پر پہنچے تو ۵ بار حَسْبُنَا اللهُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ پڑھ کر بقیہ سورۃ مکمل کرے پھر دوسری بار سورۃ شروع کرے اور جب فِرْعَوْنَ رَسُوْلاً پر پہنچے تو تین بار شَابَتَ الْوَجُوْہُ لَلصِی الْقَیُوْمُ وَقَدْ ضَابَ مِنْ حَمَلَ ظُلْماً حٰمٓعٓسٓقٓ مَرَجُ الْبَحْرَیْنَ یَلْتَقِیَانِ بَیْنَا ھُمَا بَرْزَنْ لَا یَبْغِیَان پڑھ کر بقیہ سورۃ مکمل کرے پھر تیسری بار سورہ شروع کرے اور فِرْعَوْنَ رَسُوْلاً تین بار کِفَایَتَنَا حِمَایَتَنَا فَسَیَکْفِیْکَھُمْ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ پڑھ کر بقیہ سورۃ مکمل کرے اور اپنی حاجت وسعت رزق کے لیے مانگے۔ اس طریقے پر ۲۷ یوم بلا ناغہ عمل مذکورہ جاری رکھے۔

تنگی رزق

جو شخص تنگی رزق میں مبتلا ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل مفید ہے۔ اول و آخر درود مدنی ۱۳، ۱۳، بار اور ۲۲ بار سورۂ مزمل پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا کرے اور اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگے۔ انشاء اللہ اس عمل سے روز بروز تنگی رزق کا مسئلہ ختم ہوجائے گا اور یہ شکایت ہمیشہ کیلئے دور ہوجائے گی۔

تنگی معاش کے لیے

اس مقصد کے لیے روزانہ بعد از نماز فجر سورۂ مزمل کی آیت مبارکہ اَنَّ لَکَ فِی النَّھَارِ سَبْحاً طَوِیْلاً، ۱۱ مرتبہ اول وآخر درود مدنی ۴،۴، مرتبہ پڑھا کرے اور اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگے۔ اس عمل سے اللہ تعالیٰ کی رحمت خاص ہوجائے گی اور یہ شکایت رفع ہوجائے گی۔

فاقہ سے بچاؤ

ہر روز بعد از نماز عشاء ۳ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے عاجزی و انکساری کے ساتھ دعا مانگے۔ انشاء اللہ معاش کا کوئی نہ کوئی ذریعہ جلد ہی بن جائے گا اور فاقوں سے نجات مل جائے گی۔

نماز برائے حصول روزگار

جو کوئی رزق کے ہاتھوں پریشان ہو، یا حسب منشاء کام کی تلاش میں ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل مفید ہے۔ اس کی بدولت بہت جلد روزگار حسب منشاء

مل جائے گا اور رزق کی پریشانی ختم ہو جائے گی۔

ہر روز بعد نماز مغرب دو رکعت نماز نفل بہ نیت حصول روزگار اس طرح پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ لَّهٗ يَجْعَلْ مَخْرَجاً وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ۳ بار اور دوسری رکعت میں بعد از نماز سورۂ فاتحہ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ إِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ أَمْرِهٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْراً ۳ بار پڑھے اور بعد سلام پھیرنے کے سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ، ۱۱ بار پڑھ کر پھر درود مدنی ۱۳ بار پڑھے اور سجدے میں جا کر إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۱۳۰ بار پڑھ کر اللہ کے حضور دعا انکساری کے ساتھ مانگے۔ اس عمل کو روزگار ملنے تک برابر کرتا رہے۔

ملازمت کے لیے

جو شخص جگہ جگہ ملازمت حاصل کرنے کی کوشش میں ناکام ہو چکا ہو اسے حسب منشاء ملازمت حاصل کرنے کے لیے نئے چاند کی پیر یا جمعرات کو فجر کے وقت اس عمل کو پہلے ۱۷ بار درود مدنی پڑھ کر شروع کرے، پھر ۸ بار سورۂ مزمل اور پھر ۱۷ بار درود مدنی پڑھے اور پھر ذیل کی دعا ۸ بار پڑھ کر اللہ کے حضور اپنی حاجت روائی کے لیے دعا مانگے۔

سورۂ مزمل کی تلاوت کے دوران لفظ تَرْتِيْلاً کے بعد ۱۰ مرتبہ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ سے لے کر قَدْرًا تک آیت مبارکہ پڑھے۔ دعا یہ ہے۔

يَا مُسَبِّبَ الْأَسْبَابِ يَا مُفَتِّحُ فَتِّحْ يَا سَهْلُ سَهِّلْ يَا مُيَسِّرُ لَيْسُرْ يَا سَخِرْ يَا مُتَمِّمُ يَا تَمِّمْ ۔

یہ عمل بلا ناغہ سات سے گیارہ روز تک کرنے سے مقصد حاصل ہو جاتا ہے۔

منسوخی تبادلہ

جس کسی کا تبادلہ ہو گیا ہو اور وہ واپس اسی جگہ پر آنا چاہتا ہو تو اس کے لیے بعد از ہر نماز اول و آخر درود مدنی ۱۳، ۱۳ مرتبہ، سورۂ مزمل ۴ مرتبہ اور ۱۱ مرتبہ یَا اللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ پڑھ کر سجدے میں جا کر دعا مانگے۔ انشاء اللہ ۲۸ یوم کے عمل سے تبادلہ منسوخ ہو جائے گا اور خواہش بفضل باری تعالیٰ پوری ہو جائے گی۔

عہدہ پر بحالی کے لیے

جو کوئی اپنے عہدے سے کسی بھی وجہ سے ناجائز طور پر معزول ہو گیا ہو اور وہ چاہتا ہو کہ اسی عہدے پر دوبارہ بحال ہو جائے تو اس کے لیے چاند کی پہلی تاریخ کو جمعرات کے روز، روزہ رکھے۔ پھر بعد از نماز فجر ۴ بار سورۂ مزمل اول و آخر درود مدنی ۴، ۴ بار پڑھے۔ پھر یہی عمل بعد از نماز عشاء کرے اور اللہ تعالیٰ کے حضور اپنے مقصد کے لیے دعا کرے۔ یہ عمل ۲۸ یوم تک جاری رکھے۔ انشاء اللہ بحالی عہدہ کی کوئی سبیل پیدا ہو جائے گی۔ مکمل بحالی تک اس عمل کو جاری رکھے۔

حصول رشتہ کے لیے والدین کو رضامند کرنا

اگر کسی کی مطلوبہ جگہ شادی کے لیے اس کے والدین رضامند نہ ہوتے

ہوں اور اس کی خواہش شدید ہو تو والدین کو راضی کرنے کے لیے نئے چاند کے پہلے جمعہ کی شب کو بوقت تہجد اٹھ کر دو رکعت نماز نفل تحیتہ الوضو پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد اول و آخر درود مدنی ۱۵، ۱۵ مرتبہ سورۂ مزمل ۱۵ مرتبہ پڑھ کر والدین کی رضا کے لئے سجدے میں سر رکھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگے۔ انشاء اللہ ۶ جمعہ کی شب اس عمل سے والدین راضی ہو جائیں گے۔

رشتہ اچھا ہے یا برا

رشتے کے اچھے یا برے ہونے سے متعلق خبر حاصل کرنے کے لیے نئے چاند کی پہلی شب جمعرات کو بعد از نماز عشاء بستر پر بیٹھ کر اول و آخر درود مدنی ۱۹، ۱۹ بار اور سورۂ مزمل ۱۰ بار پڑھ کر بستر پر لیٹ جائیں اور پھر مسلسل اس ذیل کی دعا کا ورد زبان پر رکھیں۔ حتیٰ کہ اس حالت میں نیند آ جائے۔ اس دوران کسی سے کوئی گفتگو قطعی نہ کرے اور اپنے مقصد کو پیش نظر رکھے۔ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم. يَاخَبِيْرُ يَاخَبِيْرُ (۵) بار. بِحَقِ لآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ (۵) بار، انشاء اللہ تین سے سات دن میں بفضل باری تعالیٰ بشارت خواب میں مل جائے گی۔

رکی ہوئی شادی کا ہونا

اگر کسی کی شادی کسی ناگہانی وجہ سے بار بار ملتوی ہو جاتی ہو اور اس رکاوٹ کے دور ہونے کی کوئی امید بر نہ آتی ہو تو ایسے میں اس کے لیے بعد از نماز فجر قبلہ رخ بیٹھ کر اول و آخر درود مدنی اکیس اکیس مرتبہ، سورۂ مزمل ۱۲ مرتبہ

اور آیات کفایہ پڑھ کر سجدے میں گر کر اللہ کے حضور دعا مانگے۔ انشاء اللہ سات یا گیارہ یوم کے عمل سے رکاوٹ بفضل باری تعالیٰ دور ہو جائے گی اور شادی ہو جائے گی۔ آیات کفایہ یہ ہیں۔

وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا ، ۱۰ بار. وَكَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيْرًا ۱۰ بار. وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا، ۹ بار

وَكَفٰى بِاللّٰهِ عَلِيْمًا، ۱۸ بار. وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا، ۱۰ بار. وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا، ۶ بار پڑھیں۔

لڑکی کی شادی کے لیے

جس لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو، یا بار بار منگنی ہو کر ٹوٹ جاتی ہو تو جمعہ کے دن بعد نماز جمعہ دو رکعت نماز نفل بہ نیت شادی لڑکی کی پڑھے، پھر سجدے میں جا کر ۱۲ بار سورۂ مزمل پڑھ کر اللہ کے حضور دعا کرے۔ چند جمعہ اس عمل سے انشاء اللہ لڑکی کی شادی حسب منشاء ہو جائے گی۔

ادائیگی قرض

جو کوئی قرض کے بوجھ تلے دبا ہوا ہو اور کسی طرح اس سے رہائی ممکن نظر نہ آتی ہو تو اس کے لیے بعد از نماز فجر روزانہ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار، سورۂ مزمل اکیس مرتبہ اور یہ دعا دس مرتبہ پڑھ کر اللہ کے حضور ادائیگی قرض کے لیے دعا کریں۔

انشاء اللہ العزیز اکتالیس یوم کے اندر اندر اس عمل کی برکت سے قرض کی

ادائیگی کا بندوبست ہو جائے گا۔ دعا یہ ہے۔

اللھم الغنی بحلالک عن حرامک واغننی بفضلک عن سواک.

ادائیگی قرض

جو کوئی قرض کے بوجھ تلے دبا ہوا ہو اور قرض کی ادائیگی کی کوئی صورت نظر نہ آتی ہو تو اس کے لیے ہر فرض نماز کے بعد نہایت یکسوئی اور توجہ سے سورۂ مزمل چار بار مع اول و آخر درود الصوفی بارہ، بارہ بار پڑھ کر ذیل کی دعا مانگے۔ اس عمل کے لیے جس قدر گریہ وزاری اختیار کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اتنی ہی جلدی خزانہ غیب سے قرض سے سبکدوشی کا بندوبست فرمادیں گے۔ دعا یہ ہے۔

یَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ هِيَ لَنَاسَبَباً لَا يَسْتَطِيْعُ لَهٗ طَلَباً وَيَامُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ فَتِّحْ لَنَا اَبْوَابَ فَضْلِکَ وَاَبْوَابَ رَحْمَتِکَ وَاَبْوَابَ فَضْلِکَ وَاَبْوَابَ مَغْفِرَتِکَ وَاَبْوَابَ عِنَايَتِکَ يَاذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام۔

قرض سے چھٹکارا

جو شخص مقروض ہو اور وہ قرض ادا کرنے کی پوزیشن میں نہ ہو اور ہر وقت قرض خواہ اسے تنگ کرتے ہوں تو ایسی حالت میں ۲۵ روز تک روزانہ بعد از نماز فجر ۲۵ بار سورۂ مزمل بہ نیت ادائے قرض ورد کرے۔ اول و آخر درود الصوفی ۱۲، ۱۲ بار پڑھے۔ انشاء اللہ اس کے قرضے سے چھٹکارے کا بندوبست خزانہ غیب سے ہو جائے گا۔

استخارہ برائے گمشدہ مال

جب کسی معاملہ میں یا کسی کی گمشدگی کے بارے میں کوئی متردد اور پریشان ہو اور اس کو کسی بھی بات کا علم نہ ہو، اور وہ حقیقت جاننے کا خواہشمند ہو تو ذیل کا عمل کرنے سے حقیقت احوال سے آگاہ ہو جائے گا۔

اس کے لیے نصف شب کو اٹھ کر غسل کر کے باوضو حالت میں دو رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے ۳، ۳، بار سورۂ مزمل پڑھ کر سلام پھیرے پھر یَابَدِیْعُ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ ۲ بار پڑھے۔ پھر ۹ بار یَااَللّٰہِ عَالِمُ مَافِیْ قَلْبِیْ مُعَیِّنْ فِیْہِ پڑھ کر روبقبلہ سو جائے۔ انشاء اللہ اس کو خواب میں حال معلوم ہو جائے گا۔

بازیافت اغوا شدہ

اگر کوئی اغوا ہو گیا ہو اور اس کا اتہ پتہ نہ لگتا ہو تو ایسی حالت میں اس مقصد کے لیے ہر روز بعد از نماز عشاء ۴۲ مرتبہ سورۂ مزمل معہ اول و آخر درود مدنی ۱۵، ۱۵، بار پڑھ کر اللہ کے حضور عاجزی وانکساری سے دعا کرے۔ بہت جلد اغوا شدہ کا پتہ معلوم ہو جائے گا اور اس کو اغوا کنندگان سے رہائی مل جائے گی۔

حصول گمشدہ شے

اگر کسی کی کوئی شے گم ہو گئی ہو اور نہ مل رہی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل کریں اس کے لیے ۲۷ یوم تک بلا ناغہ سورۂ مزمل اول و آخر درود مدنی ۱۲، ۱۲، بار

پڑھ کر اللہ کے حضور دعا مانگے۔ انشاء اللہ وہ شے دستیاب ہو جائے گی۔

غائب کا حال دریافت کرنا

اگر کوئی شخص گھر سے یا اپنے مقام سے عرصہ دراز تک لا پتہ ہو جائے اور اس کی خیر وخبر کہیں سے بھی نہ ملتی ہو تو ایسی حالت میں ذیل کے عمل سے اس کا اتہ پتہ اللہ تعالیٰ کسی نہ کسی طرح بہم پہنچائیں گے۔

اس کے لیے شب جمعہ غسل کر کے پاک صاف لباس پہن کر باوضو دو رکعت نماز نفل پڑھ کر اس کا ہدیہ ثواب رسول اللہ ﷺ کو پہنچائے اور پھر اول و آخر ۱۹ بار درود مدنی اور اکتالیس بار سورۂ مزمل پڑھ کر سو جائے۔ کسی سے کسی بھی قسم کی گفتگو یا کلام نہ کرے۔ اللہ تعالیٰ اس کو خواب میں اس کے حال کی خبر زندہ یا مردہ ہونے کی اچھی طرح دکھلا دیں گے۔ اگر ایک شب کو معلوم نہ ہو تو سات شب تک اس عمل مذکور کو جاری رکھے۔

گمشدہ عزیز کی بازیابی

اگر کسی کا کوئی عزیز یا بچہ کھو گیا ہو اور اس کے بارے میں کچھ علم نہ ہوتا ہو کہ وہ کس حال میں اور کہاں ہے تو اس کے لیے سورۂ مزمل کی آیت مبارکہ کا ورد ۱۰ مرتبہ کر کے چاروں اطراف میں پھونک مارے اور ایک سفید کاغذ پر اس آیت مبارکہ کو زعفران و گلاب کے ساتھ معہ عبارت لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ گمشدہ جہاں کہیں بھی ہو گا، وہیں رک جائے گا اور پڑھنے والے کی طرف آنے کے لیے بے چین و بے قرار ہو گا اور جس طرح بھی ممکن ہو گا وہ واپس آ جائے گا اگر

اسے کسی نے اغوا یا قید کیا ہوا ہے تو بھی جلد رہائی پا کر واپس آ جائے گا۔

إِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا يَاالٰهِي بِحُرْمَتِهٖ

ایں سورہ مزمل فلاں بن فلاں زود تر حاضر گردو۔

فلاں بن فلاں کی جگہ گمشدہ کا نام اور اس کی ماں کا نام لکھیں۔

مفرور کی واپسی کا عمل

اگر کوئی کسی کی شے لے کر مفرور ہو گیا ہو اور اس کا کچھ پتہ نہ چلتا ہو کہ وہ اس وقت کہاں ہے تو اس مقصد کے لیے چالیس دانے سیاہ مرچ لے کر ہر ایک مرچ پر سورۂ مزمل باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر ایک مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔ پڑھتے وقت اس مفرور کا نام اور اس کی ماں کا نام بھی ہر بار لے کر اس پر پھونک مارے۔ تمام مرچوں کو دم کرنے کے بعد اس مفرور اور اس کی ماں کا نام لے کر جلتی آگ میں ڈال دے۔ اس عمل سے بھاگا ہوا شخص جہاں کہیں بھی ہو گا، بے قرار ہو کر واپس بھاگا ہوا آئے گا اور اسے اس وقت تک چین نہیں آئے گا جب تک وہ اس جگہ واپس نہ آ جائے اور اس بے چینی کو ختم کرنے کے لیے وہ فوری طور پر حاضر ہو گا۔

چوری شدہ مال کی بازیابی

اگر کسی کا مال چوری ہو گیا ہو اور اس کی بازیابی کا کوئی حل نہ نکلتا ہو تو اس مقصد کے لیے بدھ، جمعرات اور جمعہ کے روز، روزہ رکھے اور افطاری سے قبل ہر روز باوضو حالت میں ۸ بار سورۂ مزمل اول و آخر درود مدنی ۸،۸ مرتبہ پڑھے

اور اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کرے، انشاء اللہ تعالیٰ چند یوم کے عمل سے چوری کا مال بازیاب ہو جائے گا اور چور اپنے انجام کو پہنچے گا۔

خواب میں شہر کو دیکھنا

اگر کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ اسے کسی بھی شہر کی تفصیل معلوم ہو جایا کرے جہاں وہ جا نہیں سکتا تو اس کے لیے ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس کے لیے وہ ہر روز باوضو حالت میں بستر پر بیٹھ کر اول و آخر درود مدنی ۱۹،۱۹، بار اور سورۂ مزمل ۱۹، بار پڑھ کر اس شہر کے تصور میں سویا کرے جس کا خواب دیکھنا مقصود ہو۔ انشاء اللہ چند یوم میں ہی اللہ تعالیٰ خواب میں اس شہر کی مکمل سیر کروادیں گے اور اسے تفصیلات سے آگاہی ہو جائے گی۔

خواب بندی کے لیے

جس کو بے تکے خواب اکثر پریشان کرتے ہوں اور اس کا کوئی حل نہ سوجھتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل کرنے سے بے تکے خواب آنا بند ہو جائیں گے اور اس پریشانی سے جان چھوٹ جائے گی۔

رات کو سونے سے پہلے باوضو حالت میں سفید کاغذ پر سیاہی یا زعفران و گلاب سے سورۂ مزمل بعد بسم اللہ لکھے اور اس کے نیچے اس مضمون کی عبارت لکھے۔ ''یا الٰہی خواب پریشان سے نجات ملے'' پھر اس کاغذ کو رات میں تکیے کے نیچے رکھ کر سویا کرے۔ انشاء اللہ کبھی بھی غلط قسم کے بے تکے خواب نظر نہیں آئیں گے اور آئندہ ہمیشہ کے لیے نظر آنا بند ہو جائیں گے۔

خلاصی محبوس کا عمل

اگر کسی کو کسی نے ناجائز پکڑ کر قید میں ڈال دیا ہو تو ذیل کا عمل خلاصی قید کے لیے بے حد مفید ہے۔

اس کے لیے قیدی کا کوئی عزیز بعد از نماز عشاء باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر اول و آخر درود شریف ۱۳،۱۳، بار سورۂ مزمل ۴۴ بار پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگے انشاء اللہ اس عمل سے رہائی نصیب ہو جائے گی۔

رہائی قیدی

اگر کوئی شخص بلا وجہ قید میں گرفتار ہو گیا ہو اور اس کی رہائی کی صورت نظر نہ آتی ہو تو باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر مشک و زعفران سے سورۂ مزمل ایک کاغذ پر لکھ کر خوشبو لگا کر موم جامہ کر کے قیدی مذکور کے بازو پر باندھ دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ قیدی بہت جلد قید سے رہا ہو جائے گا۔

قید سے رہائی کا عمل

اگر کوئی مرد قید میں ہو اور رہائی ممکن نظر نہ آتی ہو تو نئے چاند کی پہلی جمعرات کے دن بوقت فجر یہ عمل شروع کرے۔ فجر کی نماز کے بعد دو رکعت نماز نفل پڑھے۔ سلام پھیرنے کے بعد پہلے ۱۴ بار درود الصوفی پڑھے۔ پھر ۹ بار سورۂ مزمل پڑھے۔

اس کے بعد ۱۴ بار درود الصوفی پڑھے اور اللہ کے حضور، حضور قلب اور

عاجزی وانکساری سے رہائی کے لیے دعا مانگے۔ انشاء اللہ چند یوم کے عمل سے رہائی کی سبیل پیدا ہو جائے گی۔ احتیاط یہ کرنا ضروری ہے کہ دوران عمل کسی سے کسی بھی قسم کی بات چیت نہ کرے۔

مقدمہ میں کامیابی

جو کوئی کسی ناجائز مقدمہ میں پھنسا ہوا ہو اور اس سے چھٹکارے کی کوئی صورت نظر نہ آئے تو اس کے لیے ہر روز بعد از نماز عشاء اول و آخر درود مدنی ۱۵،۱۵، بار پڑھے۔ پھر سورۃ مزمل ۶ بار اور دعائے جمیلہ ۶ بار پڑھ کر سجدے میں ۶ بار یہ دعا مانگے۔ ''اے اللہ! میں لاچار ہوں اس سورۃ مبارکہ اور دعائے جمیلہ کی برکت سے میری مدد فرما'' انشاء اللہ گیارہ روز کے عمل سے کوئی نہ کوئی سبیل اس مقدمہ سے چھٹکارے کی نکل آئے گی۔ زیادہ سے زیادہ ۲۱ یوم کے عمل سے مکمل نجات حاصل ہوگی۔

رنج وغم سے نجات

اگر کسی بھی دکھ، غم یا تکلیف سے دل ودماغ پر رنج وغم طاری ہو گیا ہو اور اس سے نجات نہ ملتی ہو تو اس مقصد کے لیے بعد از نماز عشاء ہر روز ۳ مرتبہ سورۃ مزمل اول و آخر درود شریف مدنی ۱۲،۱۲ بار پڑھ کر سجدہ میں ۶۱ مرتبہ یہ اسمائے حسنیٰ یَااَللّٰہُ یَارَحْمٰنُ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ کا ورد کرے اور ان اسمائے حسنیٰ کے وسیلے سے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۹ یوم کے عمل سے اس رنج وغم اور تکلیف سے نجات مل جائے گی۔

عذاب قبر سے نجات کا حل

اگر کوئی بے حد گناہ گار ہو اور یہ چاہے کہ میرے گناہوں کی بخشش کے ساتھ ساتھ مجھے عذاب قبر سے بھی چھٹکارا حاصل ہو تو ہر نماز کے بعد ۷ مرتبہ سورۃ مزمل اول و آخر درود الصوفی تین تین مرتبہ پڑھا کرے اور اللہ کے حضور اپنے گناہوں کی بخشش اور عذاب قبر سے نجات کی دعا مانگا کرے۔

انشاء اللہ اس عمل سے اس کے گناہ خواہ احد کے پہاڑ ہی کی مانند کیوں نہ ہوں، اللہ تعالیٰ معاف فرما دیں گے اور عذاب قبر سے نجات مل جائے گی۔ منکر نکیر کے سوالات میں بے حد آسانی ہو جائے گی۔

گناہوں کی بخشش کا عمل

جو کوئی اس بات کا خواہشمند ہو کہ اس سے سرزد لاتعداد گناہوں کی بخشش اللہ تعالیٰ فرمائیں تو جمعرات کے روز بعد از نماز فجر ۷ بار سورۃ مزمل پڑھ کر اپنے گناہوں کی بخشش اللہ تعالیٰ کے حضور مانگے۔ انشاء اللہ العزیز ذات باری تعالیٰ اپنی رحمت سے اسے گناہوں سے مکمل پاک فرما دیں گے۔

پھل دار درختوں کی حفاظت

جس کسی کے پھل دار درخت کسی وجہ سے سوکھ رہے ہوں یا ان کو کیڑا لگ گیا ہو اور اس سے پھل کے نقصان کا شدید سامنا ہو تو ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔ اس کے لیے بعد از نماز فجر باوضو حالت میں قبلہ رخ ہو کر بیٹھ کر سفید کاغذ

کے اتنے ٹکڑے لیں جس قدر کہ اس کے باغ میں درخت موجود ہیں اور ہر ٹکڑے پر ذیل کی آیت مبارکہ از سورۃ مزمل زعفران وگلاب سے لکھے اور ان پر سورۃ مزمل کی اس آیت کو ۲۵ مرتبہ پڑھ کر دم بھی کرے۔ پھر ان ٹکڑوں کو علیحدہ علیحدہ گتے پر چسپاں کرے اور ہر گتہ ایک ایک کر کے ہر درخت پر اونچی شاخ پر لٹکا دے۔ انشاء اللہ اس عمل کی بدولت اس کے باغ کے تمام درخت قدرتی آفات وبلیات، کیڑے مکوڑوں اور سوکھے پن سے محفوظ و مامون رہیں گے اور ان پر پھل بھی بے تحاشا لگے گا۔

آیت یہ ہے۔

یَوْمَ تَرْجُفُ الْاَرْضُ سے کَثِیْباً مَّھِیْلاً تک۔

(سورۃ المزمل ۷۳۔ آیت ۱۴)

مال واسباب کی حفاظت

اس کے لیے باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر ۶ بار سورۃ مزمل پڑھ کر اپنے مال واسباب کے چاروں طرف دم کرے اور ۶ بار سورۃ مزمل سفید کاغذ پر لکھ کر مال واسباب میں رکھ دے۔ اس کی برکت سے مال واسباب ہر قسم کی آفت وبلا، چوری چکاری سے محفوظ رہے گا۔

جنگ میں حفاظت

مجاہد کے لیے لازم ہے کہ وہ جنگ میں اپنی حفاظت کے لیے جانے سے پہلے سورۃ مزمل ۶ بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور ہو سکے تو دوران جنگ اس کا

ورد بھی جاری رکھے۔ بفضل خدا وہ ہر طرح محفوظ و مامون رہے گا اور اس کو کوئی بھی گزند نہ پہنچے گی اور وہ میدان جنگ سے کامیاب وکامران واپس لوٹے گا۔

سفر میں حفاظت

جس کسی کو ایسے سفر کا سامنا ہو جہاں راستہ پرخطر ہو یا کسی جنگل میں سے گزرنا ہو اور درندوں یا ڈاکوؤں کے حملے کا اندیشہ ہو تو اس کے لیے سفر پر جانے سے قبل باوضو حالت میں دو رکعت نماز نفل بہ نیت حفاظت جان و مال ادا کرے، اس کے بعد اکتالیس مرتبہ درود شریف پڑھ کر اکیس مرتبہ سورۃ مزمل پڑھے اور پھر اکتالیس مرتبہ درود شریف پڑھ کر سجدہ میں سر رکھ کر باری تعالیٰ سے دعا مانگے اور اپنے اوپر دم کرے۔ انشاء اللہ سفر کی تمام صعوبتوں سے مکمل طور پر محفوظ رہے گا، جان و مال کی حفاظت رہے گی اور بخیر وعافیت اپنے گھر کو واپس آئے گا۔

☆☆☆......☆☆☆

قیامت کا منظر

موت کا منظر

نماز کا منظر

نیک لوگوں کے لئے جنت میں تصور سے بڑھ کر آرام و آسائش ہے
(القرآن)
جنت کا منظر